عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز منگل 6 اکتوبر 2026ء/ 23 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 188

اسلام آباد چلانے والے ناکام ہو چکے ہیں تو اقتدار تھرپارکر کے حوالے کر دیں، بلاول بھٹو زرداری

تھرپارکر کی مثالی ترقی دیکھ کر پورا پاکستان حیران ہے، کچھ عناصر کو یہ ترقی ہضم نہیں ہو رہی اسلام آباد کی باگ ڈور دیں، یہاں کے بچوں کو تھر کے اداروں میں پڑھا کر دکھائیں گے کہ نوجوان کیا صلاحیت رکھتے ہیں

سیاسی یتیموں کی جماعت کراچی میں انتشار کی سیاست کر رہی ہے، تھر کے بچوں کے ٹاپ کرنے پر نفرت کو ہوا دی جاتی ہے سندھ حکومت تھر کے کوئلے سے بجلی بنا کر 1.6 ارب ڈالر کا بیش قیمت زرمبادلہ بچا رہی ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی کا تقریب سے خطاب

تھرپارکر (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اگر اسلام آباد چلانے والے ناکام ہو چکے ہیں تو وہ اقتدار تھرپارکر کے حوالے کر دیں، وہ ملک کو بہتر طریقے سے چلا کر دکھا دیں گے۔ تھرپارکر میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ جیسی تبدیلی اور ترقی تھرپارکر میں نظر آ رہی ہے، ویسی پورے ملک میں کہیں دکھائی نہیں دیتی، پورا پاکستان یہ دیکھ کر حیران ہے کہ تھر کہاں سے کہاں (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

ہر بچے تک معیاری تعلیم کی رسائی حکومت کی ترجیحات میں شامل

بلوچستان میں 7 لاکھ سے زائد بچوں کو تعلیمی نظام کا حصہ بنایا گیا، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اساتذہ معاشرے کی تعمیر، نئی نسل کی کردار سازی اور مستقبل کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ عالمی (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

ٹرانسپورٹ شعبہ کے استحکام کیلئے سنجیدہ اقدامات ناگزیر ہیں، ٹرانسپورٹرز

ٹرانسپورٹ شعبہ شدید مشکلات اور دباؤ کا شکار ہے، حکومت توجہ دے، حبیب اللہ بادیزئی

کوئٹہ (جی این ایم) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی نے کہا ہے کہ ٹرانسپورٹ شعبہ اس وقت شدید مالی دباؤ کا شکار ہے، بڑھتے ہوئے اخراجات، (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

پی ڈبلیو ڈی کی متنازعہ اراضی کے مسائل کے حل کیلئے اجلاس، ریکارڈ طلب

اراضی سے متعلق مسائل قانونی و ریکارڈ کی تقاضے مکمل کر کے جلد حل کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) حافظ محمد طارق کی زیر صدارت (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

یمنی فوج کا باب المندب پر کنٹرول، 1122 حملوں کے دوران 1747 جنگجو ہلاک

364 فوجی گاڑیوں، ساز و سامان اور رسد پہنچانے والی گاڑیوں کو تباہ یا ناکارہ بنایا گیا، ترجمان یمنی فوج میجر جنرل ماجد عبداللہ النزیلی کا بیان

مکہ اور مدینہ کو نشانہ بنانے کی کوششوں کا جواب دینا ضروری ہے، سعودی اتحادی افواج کا انتباہ، یمنی وزیر خارجہ حوثیوں کیخلاف عالمی حمایت کی اپیل

صنعا، ریاض (جی این ایم) یمنی سرکاری فورسز نے باب المندب کا کنٹرول دوبارہ حاصل کرنے کا دعویٰ کا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق یمن کی سرکاری فوج کے ترجمان نے کہا ہے کہ حوثیوں کیخلاف بڑے پیمانے پر آپریشن فجر الیمن پر عملدرآمد شروع کر دیا ہے۔ ترجمان (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

سرکاری حج سکیم کے تحت دوسری قسط کی وصولی کا آغاز

مقررہ تاریخ تک دوسری قسط جمع نہ کرانے پر حج درخواست منسوخ تصور ہوگی، ترجمان وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزارت مذہبی امور کی وصولی کا پیر کے روز سے آغاز ہو گیا۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

گورنر راج اچھا فیصلہ نہیں، آخری حد پر نہیں جانا چاہتے، امیر مقام

خیبر پختونخوا کے حالات کشیدہ ہیں، وزیراعلیٰ صوبے کو لاوارث چھوڑ کر دھرنوں میں مصروف ہیں، دہشتگردی کے معاملے پر ایک پیج پر ہونا چاہیے

پی ٹی آئی کارکنوں کے نام پر سیاست اور کاروبار ہو رہا ہے، ہمیں کسی کے بارے میں دعوے کرنے کی ضرورت نہیں، حقائق عوام کے سامنے ہیں، وفاقی وزیر کی پریس کانفرنس

گلگت (جی این ایم) وفاقی وزیر امور کشمیر گلگت بلتستان و سیفران امیر مقام نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں، گورنر راج سیاسی طور پر کوئی اچھا فیصلہ نہیں، ہم بھی نہیں چاہتے کہ ہم آخری حد پر جائیں۔ پارٹی رہنماؤں زاہد خان اور شر بلور کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)


سلام کوٹ، پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری تھر بلاک ٹو کے فیز 3 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

شیرانی میں یومِ اساتذہ کی پروقار تقریب، اساتذہ کی خدمات کو خراجِ تحسین

نمایاں کارکردگی دکھانے والے اساتذہ کو بہترین ٹیچر ایوارڈ سے نوازا گیا

شیرانی (خ ن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شیرانی کی جانب سے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول خان عالم شیرانی میں یوم اساتذہ کے حوالے سے پُروقار تقریب کا انعقاد۔ کیا گیا ڈپٹی کمشنر شیرانی، کلیم اللہ کاکڑ نے بطورِ مہمانِ خصوصی شرکت کی تقریب میں ڈی ای او سیف الرحمن، ڈی ڈی (باقی صفحہ 2 نمبر 6)


وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلدیاتی اداروں کی خدمات میں بہتری کیلئے محکمہ لوکل گورنمنٹ کی جانب سے جدید مشینری کی فراہمی سے متعلق تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے ضلعی فنڈز دوگنا کر دیے گئے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

صوبے میں صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے میونسپل سروسز کی نئی مشینری فراہم کی جا رہی ہے، فروری میں لوکل گورنمنٹ کی مدت مکمل ہونے کے بعد بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں گے

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں صفائی کے نظام کو بہتر اور معیار بنانے کیلئے میونسپل سروسز کی مشینری فراہم کی جا رہی ہے، عوام کو بھی صفائی کے نظام کی بہتری کیلئے حکومت کا ساتھ دینا ہوگا۔ فروری میں لوکل گورنمنٹ کی مدت مکمل ہونے کے بعد بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں گے، جس کے بعد میونسپل کمیٹیز کی سطح پر مزید بہتری کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے پیر کو میونسپل سروسز کی مشینری کی فراہمی سے متعلق منعقدہ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت نے صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے عملی اقدامات کا آغاز کر دیا ہے، جس کے تحت 15 ٹرک، 87 صفائی رکشے، 700 سے زائد کچرے دان اور دیگر ضروری مشینری فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چمن میں صفائی اور کچرے کی ڈمپنگ کے نظام کو بہتر بنایا گیا ہے، جبکہ صوبے کے دیگر اضلاع میں بھی میونسپل سروسز کو مزید بہتر بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ حکومت کی جانب سے ضلعی حکومتوں کے فنڈز میں (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

فورسز کی ڈیرہ اسماعیل خان میں کارروائی، 3 دہشتگرد ہلاک

انکے قبضے سے اسلحہ و گولہ بارود بھی برآمد ہوا واضح رہے ایک روز قبل بھی ڈی آئی خان میں سکیورٹی فورسز نے 8 دہشتگردوں ہلاک کیا تھا

صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ کا کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش

پشاور، اسلام آباد (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکیورٹی فورسز نے ایک کارروائی کے دوران 3 خارجی دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کی عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان میں خفیہ اطلاعات پر کیے گئے آپریشن میں 3 دہشت گرد ہلاک ہوگئے انکے قبضے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

معیاری تعلیم کا فروغ اور اساتذہ کا احترام وقت کی اہم ضرورت ہے، فیصل جمالی

استادنسلوں کی تربیت کا فریضہ انجام دیتا ہے، بلوچستان میں تعلیمی شعبے کی بہتری کے لیے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں، صوبائی وزیر

گندا خہ (جی این ایم) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے 05 اکتوبر یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں ملک بھر کے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اساتذہ قوم کے حقیقی معمار ہیں، جو نئی نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

اربوں روپے کی ٹریڈ بیسڈ منی لانڈرنگ کا شبہ، جے آئی ٹی بنانے کی سفارش

کسٹمز نے دونجی کمپنیوں کو مبینہ طور پر جعلی اور کاغذی کمپنیاں قرار دے دیا

اسلام آباد (جی این ایم) کسٹمز تحقیقات میں ایک ارب 30 کروڑ روپے کی انڈر ویلیونگ کی نشاندہی پر ایف آئی اے سمیت منی لانڈرنگ کی تحقیقات کرنے والے اداروں پر مبنی جیائی ٹی بنانے کی سفارش کر دی گئی۔ کسٹمز نے دونجی کمپنیوں کو مبینہ طور پر جعلی اور کاغذی کمپنیاں قرار دے دیا۔ کسٹمز حکام کی رپورٹ میں کہا گیا کہ دونوں کمپنیوں کے خلاف فِسکل فراڈ مس (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

صومالی قزاقوں کے ہاتھوں جاں بحق کاشف عمر کی نمازِ جنازہ کراچی میں ادا

نماز جنازہ میں گورنر سندھ، امیر جماعت اسلامی کراچی سمیت علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی (جی این ایم) صومالی قزاقوں کے خلاف آپریشن کے دوران جاں بحق ہونے والے سیکنڈ آفیسر سید کاشف عمر کی نماز جنازہ بفرزون کی خوش الاعظم مسجد میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں گورنر سندھ نہال ہاشمی، امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان سمیت علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کاشف عمر سمیت تین جاں بحق پاکستانیوں محمود احمد انصاری اور رفیع (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

وزیراعظم وعدہ پورا کریں ورنہ دوبارہ احتجاج شروع کر دینگے، حافظ نعیم

ریلیف پیکیج حل نہیں، لیوی کا خاتمہ کیا جائے، ہم ایک دن کے لئے بھی ان مطالبات سے دستبردار نہیں ہوئے، یہ بھتہ حکومت کو ختم کرنا پڑے گا

7 اکتوبر 2026 تک کا وقت اہل غزہ کے لئے مختص کیا ہے، اس کے بعد ہم آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے بعد میں حکومت کو ہم سے شکایت نہیں ہونی چاہئے، میڈیا سے گفتگو

کراچی (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ فیول ریلیف پیکیج حل نہیں، لیوی کا خاتمہ کیا جائے، وزیراعظم اپنا وعدہ پورا کریں ورنہ ہم دوبارہ ملتان سے کسی بھی وقت احتجاج کا سلسلہ شروع کر دیں گے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر 7 اکتوبر کے بعد (باقی صفحہ 2 نمبر 33)


کرک، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

ایمان اور ہادی چٹھہ ضمانت کیس، ریکارڈ پیش نہ کرنے پر جج برہم

اسلام آباد (جی این ایم) انسداد دہشت گردی عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی درخواست ضمانت کے کیس (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

جیٹ فیول کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، فضائی ٹکٹ مزید مہنگے ہونے کا امکان

اسلام آباد (جی این ایم) جیٹ فیول کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کی وجہ سے فضائی ٹکٹوں کی قیمتیں بڑھنے کا امکان ہے۔ جہازوں کے ایندھن جیٹ فیول کی قیمت میں صرف (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

اوتھل، گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول میں یوم اساتذہ پر پروقار تقریب

استاد قوم کے مستقبل کا معمار اور معاشرے کی ترقی کا بنیادی ستون ہے، پرنسپل محمد سلیم سرپرہ

اوتھل (جی این ایم) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل، ضلع لسبیلہ میں یوم اساتذہ کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں اساتذہ اور طلبہ نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا مقصد اساتذہ کی علمی، اخلاقی اور تربیتی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا اور معاشرے میں استاد کے عظیم مقام کو اجاگر کرنا تھا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسکول کے (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

تیل برآمد کرنے والے 7 بڑے ممالک کا نومبر میں تیل کی پیداوار کو مستحکم رکھنے پر اتفاق

اوپیک پلس کا ذیلی گروپ تیل کی مارکیٹ کی صورتِ حال کا جائزہ لینے کے لیے یکم نومبر کو دوبارہ اجلاس منعقد کرے گا، رپورٹ

جدہ (جی این ایم) بڑے تیل برآمد کنندگان ممالک نے نومبر میں تیل کی پیداوار مستحکم رکھنے پر اتفاق کر لیا عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق 7 بڑے تیل برآمد کرنے والے ممالک نے نومبر میں تیل کی پیداوار کو مستحکم رکھنے پر اتفاق کیا ہے سعودی عرب، روس، عراق، کویت، قازقستان، الجیریا اور عمان پر مشتمل اوپیک پلس کا یہ ذیلی گروپ تیل کی مارکیٹ کی صورتِ حال کا جائزہ لینے کے لیے یکم نومبر کو دوبارہ اجلاس منعقد کرے گا اس سے قبل جی سیون ممالک نے 100 (باقی صفحہ 2 نمبر 29)


نارووال، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نارووال پبلک سکول میں لیب کا افتتاح کر رہے ہیں

ریاست اور خیبر پختونخوا کا مسئلہ سیاست نہیں دہشتگردی ہے، وزیر دفاع

بانی پی ٹی آئی کا ہمیشہ کالعدم ٹی ٹی پی کے لیے ایک نرم گوشہ رہا، بانی نے وزیراعظم بننے کے بعد کہا دہشت گردوں سیبات چیت ہونی چاہیے

ریاست کی پالیسی دہشت گردوں کے ساتھ مذاکرات نہیں، دہشت گردوں کے خلاف کارروائی اور ان کا قلع قمع ہے، خواجہ محمد آصف

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ ریاست اور خیبر پختونخوا کا مسئلہ سیاست نہیں بلکہ دہشت گردی ہے۔ اسلام آباد سے جاری بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا ہمیشہ کالعدم ٹی ٹی پی کے لیے ایک نرم گوشہ رہا، بانی نے وزیراعظم بننے کے بعد کہا دہشت گردوں سیبات چیت ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست اور خیبر پختونخوا کا مسئلہ سیاست نہیں بلکہ دہشت گردی ہے، ریاست کی پالیسی دہشت گردوں کے ساتھ مذاکرات نہیں، دہشت گردوں کے خلاف کارروائی اور ان کا قلع قمع ہے۔ وزیر دفاع نے مزید کہا کہ 2 سال میں خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے تقریباً 6200 واقعات ہوئے، 1 ہزار 200 شہادتیں ہوئیں، 37 حملوں میں افغان شہری ملوث تھے، رواں سال 14 خودکش حملے ہو چکے، جن میں اکثریت افغان (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

سہیل آفریدی اور مذاکراتی کمیٹی ایک ہی پیج پر ہیں، سلمان اکرم

بانی پی ٹی آئی کو شامل کیے بغیر کوئی حتمی بات نہیں ہو سکتی، پی ٹی آئی سیکریٹری جنرل کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (جی این ایم) پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی اور مذاکراتی کمیٹی ایک ہی پیج پر ہیں، بانی پی ٹی آئی کو شامل کیے بغیر کوئی حتمی بات نہیں ہو سکتی، مذاکرات کے دوران حکومت سے دو اہم نکات پر بات چیت ختم ہوگئی، ہم نے دو مطالبات مذاکرات میں رکھے جس پر حکومت آنے کو تیار نہیں تھی۔ ان خیالات کا (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

کوئٹہ سے جدہ، ایران، تربت اور گوادر کیلئے پروازیں شروع کرنے کا فیصلہ

پاکستان ایران تجارتی حجم 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کیلئے سہولیات بہتر بنانے پر زور

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ہم وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ہمارے مطالبے پر کوئٹہ سے جدہ، کوئٹہ سے ایران، تربت اور گوادر کیلئے پروازیں فوری طور پر شروع کرنے کی ہدایت کی۔ حکومت تاجروں اور صنعتکاروں کو ایران اور وسطی ایشیائی ممالک کی معاشی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنے کیلئے کوئٹہ سے فضائی (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

لانگ مارچ، وسائل کے استعمال اور مسلح افراد کی موجودگی کے دعوے سامنے آگئے

پشاور (جی این ایم) پی ٹی آئی لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کے استعمال، عدالتی احکامات کی خلاف ورزی اور مسلح عناصر کی موجودگی کے دعوے سامنے آگئے۔ وزیراعلیٰ (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

غزہ میں ملبہ صاف ہونے میں 10 سال لگ سکتے ہیں، اقوام متحدہ

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ غزہ میں اسرائیلی حملوں کی وجہ سے کل 61 ملین ٹن ہے جسے صاف کرنے میں (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

جنوبی بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کے 249 فری میڈیکل کیمپس

کوئٹہ (جی این ایم) سیکیورٹی فورسز کی جانب سے جنوبی بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں فری میڈیکل کیمپس کا سلسلہ جاری ہے، ستمبر 2026 کے دوران مختلف علاقوں میں 249 مفت طبی کیمپس منعقد کیے گئے۔ فری (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

آئی ایم ایف سے پالیسی سطح کے مذاکرات کل تک مکمل ہونے کا امکان

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے مابین موجودہ قرض پروگرام کی پانچویں قسط کے لئے پالیسی سطح کے مذاکرات کل 7 اکتوبر تک مکمل (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

پنجگور، خدابادان ہسپتال میں دو روزہ فری میڈیکل کیمپ اختتام پذیر

معیاری طبی سہولیات کی فراہمی قابلِ تحسین ہے، ماہانہ بنیادوں پر ایسے کیمپ منعقد کیے جائیں، شہریوں کا مطالبہ

پنجگور (جی این ایم) پنجگور پچاس بیڈڈ ہسپتال خدابادان میں دو روزہ فری میڈیکل کیمپ اختتام پذیر ہو گیا۔ کیمپ کے دوران ایک محتاط اندازے کے مطابق تقریباً 8 ہزار مریضوں کا طبی معائنہ اور چیک اپ کیا گیا۔ فری میڈیکل کیمپ میں مختلف علاقوں سے کراچی کوئٹہ تربت و دیگر علاقوں (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

افغانستان پر ماسکو فارمیٹ اجلاس، پاکستان کی اعلیٰ سطحی وفد کے ساتھ شرکت

ماسکو (جی این ایم) افغانستان سے متعلق ماسکو فارمیٹ مشاورت کا آٹھواں اجلاس روسی دارالحکومت ماسکو میں شروع ہو گیا، جس میں پاکستان، افغانستان اور خطے کے دیگر (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج بروز منگل ہوگا

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج بروز منگل ہوگا، اجلاس میں محکمہ کھیل سے متعلق سوالات اور مختلف قوانین کے (باقی صفحہ 2 نمبر 21)


اسلام آباد، صدر آزاد جموں و کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب خان سے چیف جسٹس آزاد جموں کشمیر مانیگورٹ جسٹس سردار ایاز حسین ملاقات کر رہے ہیں

سہیل آفریدی کی نااہلی کی واحد وجہ عمران خان سے وفاداری ہوگی، جنید اکبر

عمران خان کے وفاداروں کے خلاف فیصلے آنے کے بعد سب کو اس سسٹم سے نکلنا ہوگا

پشاور (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخواہ کے صدر اور سینئر رہنما و رکن قومی اسمبلی جنید اکبر کی جانب سے جاری کردہ ایک انتہائی سخت بیان نے ہلچل مچا دی، جس میں انہوں نے پارٹی قیادت کو دوٹوک پیغام دیتے ہوئے انتباہ جاری کر دیا۔ سابق رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں جنید اکبر نے دعویٰ کیا ہے کہ 8 اکتوبر کو پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا اجتماع ہوگا، تاہم اس کے ساتھ ہی انہوں نے پارٹی کے اندر موجود مبینہ مفاد پرست عناصر کو آڑے ہاتھوں (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

ٹی ٹی آئی انتشار اور تفریق کی سیاست سے عوام کو گمراہ کر رہی ہے، بیرسٹر دانیال

پی ٹی آئی قیادت آج تک طے نہیں کر سکی کہ مذاکرات کس سے اور کب کیے جائیں؟ پی ٹی آئی میں مذاکرات کے حوالے سے واضح قیادت کا فقدان ہے

کبھی پی ٹی آئی کی بہنیں، کبھی خیبر پختونخوا حکومت اور کبھی اپوزیشن مذاکرات کی قیادت کرتی ہے حکومت نے ہمیشہ مفاہمت اور مذاکرات کو ترجیح دی ہے، پارلیمانی سیکرٹری

اسلام آباد (جی این ایم) پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی انتشار اور تفریق کی سیاست سے عوام کو گمراہ کر رہی ہے۔ وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر اختیار ولی کے ساتھ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ حکومت نے ہمیشہ مفاہمت اور مذاکرات کو ترجیح دی ہے۔ حکومت نے پی ٹی آئی سے بات چیت کے تمام دروازے کھلے رکھے ہیں۔ حکومت نے مکمل خلوص کے ساتھ (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کا عالمی یوم اساتذہ پر اساتذہ کو خراجِ تحسین

استاد معاشرے میں علم، شعور اور مثبت اقدار کے فروغ کا بنیادی ذریعہ ہے

اسلام آباد (جی این ایم) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر اساتذہ کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ استاد معاشرے میں علم، شعور اور مثبت اقدار کے فروغ کا بنیادی ذریعہ ہے۔ قوموں کی ترقی میں اساتذہ کا کردار محض تعلیم تک محدود نہیں بلکہ وہ نوجوان نسل کی سوچ اور مستقبل کی تشکیل میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ایک مضبوط اور ترقی یافتہ پاکستان کے لیے ایسی نسل کی تیاری ناگزیر (باقی صفحہ 2 نمبر 24)


وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلدیاتی اداروں کو فراہم کردہ جدید مشینری کی فراہمی کے منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کا آپشن زیر غور ہے، طارق فضل

پہلی وجہ اپوزیشن وفد بے اختیار تھا، تمام اختیار کے پی حکومت کے پاس تھا، جو لوگ مذاکرات کر رہے تھے انہوں نے کہا ان مطالبات کو پورا کرنا ہمارے بس میں نہیں

مذاکرات کی ناکامی کی دوسری وجہ ترجیحات کا فرق ہے صوبائی حکومت کی دہشتگردی کیخلاف جنگ سے لاتعلقی سے شدید نقصان ہو رہا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری کا کہنا ہے کہ وفاقی حکومت ایمرجنسی کے نفاذ والے آپشن پر غور کر رہی ہے، مجھے نہیں لگتا مستقبل قریب میں دوبارہ مذاکرات ہو سکتے ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پہلی وجہ اپوزیشن وفد بے اختیار تھا، تمام اختیار کے پی حکومت کے پاس تھا، جو لوگ مذاکرات کر رہے تھے انہوں نے کہا ان مطالبات (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

ڈپٹی کمشنر کیچ کی زیر صدارت بی ایس ڈی آئی ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ اجلاس

نامکمل ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کرنے اور معیار پر سمجھوتہ نہ کرنے کی ہدایت

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت بی ایس ڈی آئی (BSDI) کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں بی ایس ڈی آئی کے فیز 1، فیز 2 اور فیز 3 کے تحت جاری اور نامکمل ترقیاتی اسکیمات کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کی موجودہ صورتحال، کام کی رفتار، درپیش مسائل اور منصوبوں کی بروقت تکمیل سے متعلق امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
قیمت 15 روپے
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136823946/03327865820
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

احساس فکر اور نظریہ پاکستان

ازقلم/// غلام رسول بلوچ

جب قوم شعوری بیداری کا سفر طے کرے گی اور پاکستان کو ان شعلوں کی آگ سے محفوظ رکھ پائے گی جو غیروں نے لگائی ہوئی ہے اور اس پہ تماشا دیکھ رہے ہیں یہ ایک ایسا موضوع ہے کہ جس پہ ہر وقت بات کرنے کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے۔ کیونکہ ملک دشمن قوتیں اور بالخصوص بھارت و اسرائیل پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتے ہیں۔افغانستان کے ذریعے پاکستان میں دہشت گردی ہو رہی ہے نظریہ پاکستان سے وفا اور مخلصی کے جذبات سے قوم کو معمور ہو کر اپنے ملک میں دہکتی ہوئی آگ کو ٹھنڈا کرنا ہوگا۔ دہشت گردی کا ناسور اور ان کی پراکسیز کو بھارتی معاونت اور فنڈنگ حاصل ہے افغانستان سے یہ دہشت گردی آپریٹ ہو رہی ہے بلوچستان اور کے پی کے میں دانستہ طور پر قومی وعسکری املاک پر حملے ہو رہے ہیں۔۔ دہشت گردی مراکز بھارتی فنڈڈ ہیں جن سے پاکستان میں دہشت گردی کی وارداتوں کو انجام دیا جا رہا ہے، پاکستان جن مشکل حالات کا سامنا کر رہا ہے ان حالات میں حکومت ?اپوزیشن کے ساتھ ساتھ پاکستان کے ہر شہری کی بھی کچھ نہ کچھ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ملکی سلامتی اور ملکی تعمیر و ترقی کے لیے اپنی فکری سوچ اور احساس کو بیدار کرے۔ حالات کا تقاضا ہے کہ اس فکر اور سوچ کو پروان چڑھایا جائے جس سے پاکستان کے نظریئے اور اساس کا تحفظ ممکن ہوسکے۔ یہ لمحہ فکریہ ہے کہ قوم میں تقسیم در تقسیم کا فائدہ دشمن قوتیں اٹھا رہی ہیں۔ انتشار اور فساد کی سیاست کو پروان چڑھانے والے پاکستان کے خیر خواہ نہیں۔ قومیت ،صوبائیت ،لسانیت اور مزہبی بنیادوں پہ تقسیم ملک و قوم کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ یہ ایسے معاملات و مسائل ہیں جن کا فائدہ براہ راست دشمن قوتیں اٹھاتی ہیں۔ بے بنیاد پروپیگنڈوں اور جھوٹے بیانیوں کو پھیلا کر قوم میں انتشار اور فساد کی سازشیں کرنے والے پاکستان کے دشمن ہیں۔ بھارت شروع دن سے پاکستان دشمنی میں اتنا آگے نکل چکا ہے کہ وہ پاکستان میں تمام تر دہشت گردی کو بطور ریاستی پالیسی استعمال کر رہا ہے۔ پاکستانی قوم اس صورتحال میں اپنی صف بندی کرے اور ملک دشمن قوتوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملائیں، افواج پاکستان نے اپنے خون سے اس ملک کی آبیاری کی ہے۔ ان کی قربانیاں اور شہادتیں قوم اور ملک کے لیے باعث فخر ہیں۔ احساس فکر کی تربیت سے ہی قوم آگے بڑھے گی اور ملک ترقی کرے گا۔ پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے کے لیے بیرونی دشمن عناصر سرگرم ہیں۔ قوم کے اجتماعی رویے اور عدم برداشت نے ہماری معاشرتی زندگی میں بھونچال پیدا کر کے رکھ دیا ہے۔ بہرحال ہمیں بحیثیت پاکستانی ایک زمہ دار قوم کے طور پہ خود کو آگے لانا ہو گا۔ جب قوم اپنی زمہ داریوں کو سمجھے گی تو پھر پاکستان کو درپیش مسائل اور چیلنجز کا مقابلہ کیا جا سکے۔ پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے بے پناہ وسائل سے نوازا ہے اور بہترین جغرافیائی اہمیت سے بھی نوازا ہے۔ قوم کو ہجوم اور گروہ سے قوم بننے کی طرف سفر کرنا ہو گا۔ ملک میں دہشت گردی دشمن قوتوں کی ایماء پہ ہو رہی ہے۔ قوم کے تعاون اور افواج پاکستان کے عزم و حوصلے اور ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے دہشت گردی کا جلد خاتمہ ہوگا۔ پاکستان ترقی و خوشحالی کی منازل طے کرے گا۔ قوم میں سیاسی بنیادوں پہ ?لسانی ?صوبائی ?مذہبی ترقی واریت پہ رنجشیں اور اختلافات لمحہ فکریہ ہیں ان کا خاتمہ ضروری ہے۔ قوم زمہ داری کا مظاہرہ کرے۔ قومی مفاد اور قومی سلامتی کے تناظر میں سب کو متحد رہنے کی ضرورت ہے تاکہ کوئی دشمن ہماری کمزوریوں سے فائدہ نہ اٹھا سکے۔ پاکستان کے لیئے شہادت کے مرتبے پہ فائز ہونے والے اور قربانیاں دینے والے قابل تحسین ہیں جنہوں نے ملک کے لیئے عظیم قربانیاں دیں۔ ملک کے شہداء قابل تکریم ہیں اور ان ہی کی قربانیوں کی بدولت آج پاکستان دشمنوں کی ریشہ دوانیوں سے بچا ہوا ہے۔ ہر پاکستانی کی دعا ہے کہ یہ ملک ہمیشہ قائم و دائم رہے۔ آمین

پاکستان کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی ہر محب وطن پاکستانی کا مشن ہے۔ نظریہ پاکستان کی اساس اور روح کو ہر پاکستانی کو سمجھنا ہو گا یہ وہ فکر اور نظریہ ہے جس کی بنیادوں میں ہمارے اسلاف کی قربانیاں ہیں۔

جب قوم شعوری بیداری کا سفر طے کرے گی اور پاکستان کو ان شعلوں کی آگ سے محفوظ رکھ پائے گی جو غیروں نے لگائی ہوئی ہے اور اس پہ تماشا دیکھ رہے ہیں یہ ایک ایسا موضوع ہے کہ جس پہ ہر وقت بات کرنے کی ضرورت محسوس کی جارہی ہے۔

عالمی یوم اساتذہ

عالمی یومِ اساتذہ کے موقع پر ملک بھر کے اساتذہ کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ استاد کسی بھی معاشرے کی فکری، اخلاقی اور تعلیمی بنیاد مضبوط کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ اساتذہ نئی نسل کو صرف کتابی علم فراہم نہیں کرتے بلکہ ان کی کردار سازی، شعور کی بیداری اور مستقبل کی تعمیر میں بھی اہم ذمہ داری ادا کرتے ہیں۔ کاشف حیدری نے کہا کہ قوموں کی ترقی کا راز مضبوط تعلیمی نظام اور باصلاحیت، محنتی اور باکردار اساتذہ میں پوشیدہ ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ معاشروں نے تعلیم اور اساتذہ کو ترجیح دے کر ترقی کی منازل طے کی ہیں، اس لیے پاکستان بالخصوص بلوچستان میں بھی تعلیمی شعبے کو اولین ترجیحات میں شامل کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے اساتذہ محدود وسائل اور مختلف مشکلات کے باوجود نئی نسل کو تعلیم کی روشنی فراہم کر رہے ہیں، ان کی خدمات قابلِ قدر ہیں۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ اساتذہ کو باعزت معاشی زندگی، بروقت تنخواہوں، بنیادی سہولیات اور بہتر تدریسی ماحول کی فراہمی یقینی بنائے تاکہ وہ یکسوئی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے سکیں۔ ترجمان مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان نے کہا کہ معیاری تعلیم کے بغیر معاشی ترقی، روزگار کے بہتر مواقع اور مضبوط معاشرے کا خواب شرمندۂ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ حکومت کو چاہیے کہ تعلیمی اداروں کی حالت بہتر بنانے، اساتذہ کے مسائل حل کرنے اور طلبہ کو جدید تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کرے۔

(01)

پی ڈبلیو ڈی کی متنازعہ اراضی کے مسائل کے حل کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر پی ڈبلیو ڈی، ریونیو افسران، پٹواری اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں پی ڈبلیو ڈی کی زمین سے متعلق درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ ریکارڈ طلب کرتے ہوئے ہدایت دی کہ ریکارڈ کی مکمل جانچ پڑتال کے بعد اراضی سے متعلق مسائل کو جلد از جلد حل کیا جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اس معاملے میں تمام قانونی و ریکارڈی تقاضے مکمل کرتے ہوئے پیش رفت کو یقینی بنایا جائے۔

(02)

ٹیکسز، ٹول ٹیکس اور دیگر مسائل کے باعث ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ حکومت ٹرانسپورٹرز کو درپیش مسائل کا فوری نوٹس لے اور ان کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھائے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ ملکی معیشت اور عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، تاہم مسلسل بڑھتے ہوئے اخراجات نے ٹرانسپورٹرز کیلئے کاروبار جاری رکھنا مشکل بنا دیا ہے۔ ڈیزل، گاڑیوں کے پرزہ جات، ٹائرز، مرمت اور دیگر اخراجات میں اضافے کے باعث ٹرانسپورٹرز شدید مالی مشکلات سے دوچار ہیں، جبکہ دوسری جانب مسافروں کی مالی مشکلات کے پیش نظر کرایوں میں اضافہ بھی آسان نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز ملکی معیشت کا اہم حصہ ہیں اور ہزاروں خاندانوں کا روزگار اس شعبے سے وابستہ ہے۔ حکومت ٹرانسپورٹرز کے نمائندوں سے بامقصد مذاکرات کرے اور مسائل کے مستقل حل کیلئے جامع پالیسی تشکیل دے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ٹرانسپورٹرز پر عائد غیر ضروری بوجھ کم کیا جائے، ٹیکسز اور دیگر اخراجات پر نظرثانی کی جائے اور انہیں درپیش عملی مشکلات کے ازالے کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز عوام کو محفوظ، آرام دہ اور بروقت سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، اس لیے حکومت کو بھی ٹرانسپورٹ شعبے کے استحکام کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھانے چاہئیں۔

(03)

یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعلی بلوچستان نے کہا کہ حکومت اساتذہ کے پیشہ ورانہ وقار کو بلند کرنے اور انہیں بہتر تدریسی ماحول فراہم کرنے کے لئے اقدامات جاری رکھے گی، ہر بچے تک معیاری تعلیم کی رسائی یقینی بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ سرفراز بگٹی کے مطابق بلوچستان میں گزشتہ دو برس کے دوران 7 لاکھ 86 ہزار سے زائد بچوں کو تعلیمی نظام کا حصہ بنایا گیا، 2025 میں 2 لاکھ 31 ہزار جبکہ 2026 میں 2 لاکھ 81 ہزار بچوں کا اسکولوں میں داخلہ ہوا۔ وزیراعلی نے بتایا کہ بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے کمیونٹی سکولوں کے ذریعے ایک لاکھ 54 ہزار بچوں کو تعلیم کے مواقع فراہم کیے گئے، جبکہ غیر فعال سکولوں کو فعال بنانے کے نتیجے میں 95 ہزار سے زائد بچے دوبارہ تعلیمی نظام کا حصہ بنے۔ انہوں نے کہا کہ تدریسی عمل کو مضبوط بنانے کے لیے 15 ہزار سے زائد اساتذہ میرٹ پر بھرتی کیے گئے ہیں، جبکہ مزید 1800 سکولوں کے قیام پر بھی کام جاری ہے۔ وزیراعلی بلوچستان کے مطابق پی ایس ڈی پی کے تحت 2 ہزار سکولوں پر توجہ مرکوز کی گئی ہے، جس کی مجموعی تخمینی لاگت 6 ارب روپے ہے، منصوبے کے تحت 3 ہزار 640 کلاس رومز تعمیر کیے جائیں گے۔ سرفراز بگٹی نے مزید کہا کہ ایک کمرے والے سکولوں میں اضافی کلاس رومز کی تعمیر کا منصوبہ بھی جاری ہے تاکہ طلبہ کو بہتر تعلیمی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا مستقبل بچوں سے وابستہ ہے، اس لیے تعلیم اور اساتذہ پر سرمایہ کاری دراصل صوبے کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔

(04)

پہنچ گیا، تاہم کچھ عناصر کو یہ ترقی ہضم نہیں ہو رہی، ایک زبردستی کا بیانیہ چلایا جارہا ہے کہ سسٹم تباہ ہوگیا اس لیے نئے صوبے بنائے جائیں، لیکن اصل ضرورت اس بات کی ہے کہ اسلام آباد بھی تھر کی اس مثالی ترقی پر توجہ دے۔ چیئرمین پی پی پی نے چیلنج کرتے ہوئے کہا کہ اگر اسلام آباد نا کام ہو چکا ہے تو اس کو تھر پارکر کے حوالے کر دیں، ہم اس کو ٹھیک کر دیں گے، اسلام آباد کو ہمارے حوالے کر دیں اور وہاں کے بچوں کے داخلے تھر کے تعلیمی اداروں میں کروا دیں، پھر یہاں کے نوجوانوں کی طرح اسلام آباد کے بچے بھی امتحانوں میں ٹاپ کریں گے، ہمیں صرف اسلام آباد کی باگ ڈور دے کر دیکھیں، ہم ثابت کردیں گے کہ ہمارے نوجوان کیا کچھ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ کراچی کی سیاست اور مخالفین پر تنقید کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ ایک سیاسی یتیموں کی جماعت کراچی میں انتشار کی سیاست کرنے میں مصروف ہے، جب ایم ڈی کیٹ کے نتائج آتے ہیں تو تھر کے بچے ٹاپ کرتے ہیں لیکن سیاسی یتیم مبارکباد دینے کے بجائے نفرت کی سیاست کو ہوا دیتے ہیں، جو کبھی کامیاب نہیں ہوگی۔ تھر کے توانائی اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے اعداد و شمار پیش کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے بتایا کہ تھر بلاک ٹو میں 600 میگا واٹ جبکہ بلاک تھری میں 2000 میگا واٹ بجلی پیدا کی جا رہی ہے، ایک وقت تھا جب اسلام آباد کے نام نہاد ماہرین کہا کرتے تھے کہ تھر کے کوئلے کی کوئی اہمیت ہی نہیں ہے لیکن آج سندھ حکومت اس تھر کے کوئلے کو استعمال کر کے 1.6 ارب ڈالر کا بیش قیمت زرمبادلہ بچا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تھر کے منصوبوں میں 60 فیصد روزگار مقامی نوجوانوں کو جبکہ مجموعی طور پر 90 فیصد روزگار سندھ کے نوجوانوں کو فراہم کیا جا رہا ہے، تھر کے کوئلے سے اب بجلی کے علاوہ گیس اور فرٹیلائزر بھی تیار کی جا رہی ہے اور اس سے مزید معاشی فوائد حاصل کیے جائیں گے، پی پی پی کا عزم ہے کہ وہ پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے ماڈل کو اسلام آباد اور کراچی تک پھیلائے، سندھ انویسٹمنٹ زون بنائے اور ٹھٹھہ میں ایک نئی پورٹ کی تعمیر کے ذریعے معیشت کو مزید مستحکم کریں۔

(05)

ہوئے امیر مقام نے کہا کہ خیبر پختونخوا کو لاوارث چھوڑ وزیراعلی کے پی ون پوائنٹ ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں، خیبر پختونخوا کے حالات کشیدہ ہیں، وزیراعلی خیبر پختونخوا دھرنوں میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں حالات روز بروز خراب ہو رہے ہیں، وزیراعلی خیبر پختونخوا دو ماہ سے کبھی لاہور کبھی سندھ میں گھوم رہے ہیں۔ عوام کے لیے کوئی کام کرنے کے بجائے احتجاجی سیاست کو ترجیح دی جارہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خیبر پختونخوا میں بدعنوانی عروج پر ہے، وزیراعلی اپنی ذمہ داریاں نہیں نبھا رہے، خیبر پختونخوا اس وقت لاوارث صوبہ ہے، وزیراعلی کو عوام کے مسائل کے حل کے لیے بیٹھنا چاہیے، خیبر پختونخوا کی تمام سیاسی جماعتیں صوبے کے مسائل پر ایک آواز بنیں، عوام کے مسائل کے لیے تمام سیاسی جماعتوں اور اسٹیک ہولڈرز سے بات ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشتگردی ہو رہی ہے، خیبر پختونخوا جل رہا ہے، کوئی باہر نہیں نکل سکتا، عوام مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، لوگ اپنے عزیزوں کی لاشیں اٹھا رہے ہیں، دہشتگردی کے معاملے پر ایک پیج پر ہونا چاہیے۔ امیر مقام نے کہا کہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ، لیکن صوبے کے عوام کے مسائل کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا، خیبر پختونخوا کے عوام کو امن، سہولیات اور بہتر حکمرانی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے اپنے کارکن بھی دیکھ رہے ہیں کہ ان کے نام پر کیا سیاست اور کیا کاروبار ہو رہا ہے، جو لوگ احتجاج کی قیادت کر رہے ہیں، ان کی سرگرمیاں سب کے سامنے ہیں، ہمیں کسی کے بارے میں دعوے کرنے کی ضرورت نہیں، حقائق عوام کے سامنے ہیں۔

(06)

اوای عبدالکریم خروٹی ڈی اوای فیمیل عالیہ کاکڑ، ڈی ڈی او فیمیل فوزیہ کی ٹی اے شیرانی کے صدر بھٹو شیرانی، جنرل سیکرٹری سید علی شاہ حریفال، کی ٹی اے آئینی صدر عبداللہ شیرانی، جنرل سیکرٹری اصغر شیرانی، کلرک داد خان صاحب، ہیڈ ماسٹر حبیب الرحمن صاحب، عبدالوہاب شیرانی سمیت شیرانی کے معزز اساتذہ کرام اور ہیڈز نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے دوران اساتذہ کرام کی علمی، تدریسی اور تعلیمی خدمات، محنت، خلوص اور گراں قدر کردار کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اساتذہ کرام کی حوصلہ افزائی کے لیے انہیں بہترین ٹیچر ایوارڈ سے بھی نوازا گیا۔ ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ ڈی سی او سیف الرحمان جی ٹی اے صدر بھٹو شیرانی اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کسی بھی معاشرے کی فکری، اخلاقی اور تعلیمی بنیاد مضبوط کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ ایک استاد صرف کتابی علم منتقل نہیں کرتا بلکہ نئی نسل کی کردار سازی، تربیت اور مستقبل کی تعمیر میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس لیے اساتذہ کی خدمات کا اعتراف، ان کی عزت افزائی اور حوصلہ افزائی تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے نہایت اہم ہے۔ تقریب ایک خوشگوار، محبت بھرا اور پُروقار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی، جہاں اساتذہ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے عزم و حوصلے کو مزید تقویت دی گئی

(07)

کے مطابق ذوباب اور باب المندب پر کنٹرول حاصل کرلیا ہے، ذوباب میں موجود حوثی عناصر سرینڈر کردیں۔ اس حوالے سے سعودی اتحاد نے کہا کہ یمن میں جاری آپریشن میں 100 فائٹر جیٹس نے حصہ لیا، یمن آپریشن میں 324 اہم ترین اہداف کو نشانہ بنایا۔ سعودی اتحاد کے مطابق آبنائے باب المندب کیلئے فضائی تحفظ فراہم کر رہے ہیں، یمن میں زمینی فورسز کو ائیر کور فراہم کر رہے ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق یمنی سرکاری فورسز نے باب المندب کے ساحلی علاقے ذوباب کا کنٹرول حوثیوں سے واپس حاصل کرلیا ہے۔

(08)

مطابق سرکاری عازمین حج دوسری قسط 5 سے 20 اکتوبر تک جمع کرا سکیں گے۔ دوسری قسط جمع کرانے سے پہلے میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ اپ لوڈ کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ مقررہ تاریخ تک دوسری قسط جمع نہ کرانے پر حج درخواست منسوخ تصور ہوگی، درخواست منسوخ ہونے کی صورت میں جمع شدہ واجبات اکاؤنٹ میں واپس کردیئے جائیں گے۔

(09)

دوگنا اضافہ کیا گیا ہے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت عوام کو سہولیات فراہم کر رہی ہے تاہم ان وسائل کے استعمال اور کارکردگی کا احتساب بھی کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کے نظام کی بہتری صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ عوام کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ وزیراعلی نے مزید کہا کہ صوبے میں پولیتھین بیگز کے استعمال کا خاتمہ جلد یقینی بنایا جائے گا، کیونکہ ماحول کو آلودگی سے بچانے اور صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے پولیتھین بیگز کا خاتمہ ضروری ہے۔ آ

(10)

کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی کردار سازی اور بہتر مستقبل کی بنیاد رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ استاد کا مقام معاشرے میں انتہائی اہم اور قابلِ احترام ہے، کیونکہ اساتذہ اپنی علمی و فکری صلاحیتوں کے ذریعے طلبہ کی رہنمائی کرتے ہوئے انہیں ایک ذمہ دار اور باشعور شہری بنانے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ کسی بھی ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کا انحصار اس کے تعلیمی نظام اور اساتذہ کی محنت پر ہوتا ہے۔ سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ معیاری تعلیم کا فروغ، اساتذہ کے مسائل کا حل اور تعلیمی اداروں میں سازگار ماحول کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ خصوصاً بلوچستان میں تعلیم کے شعبے کی بہتری اور نوجوان نسل کو جدید تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ اپنے فرائض منصبی کو محض ملازمت نہیں بلکہ قومی ذمہ داری سمجھ کر ادا کرتے ہیں اور ان کی انتھک محنت کے نتیجے میں ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلا، افسران اور دیگر شعبوں کے ماہرین معاشرے کی خدمت کرتے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ استاد وہ شخصیت ہے جو ایک فرد نہیں بلکہ پوری نسل کی تربیت کرتا ہے، اس لیے اساتذہ کو معاشرے میں وہ مقام اور عزت دی جانی چاہیے جس کے وہ مستحق ہیں۔ سردارزادہ فیصل خان جمالی نے یوم اساتذہ کے موقع پر تمام اساتذہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی قومی و تعلیمی خدمات کو سراہا اور کہا کہ قوم کی ترقی اور روشن مستقبل کے لیے اساتذہ کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

(11)

سے اسلحہ و گولہ بارود بھی برآمد ہوا۔ ایک روز قبل بھی ڈی آئی خان میں سیکیورٹی فورسز نے 8 دہشتگردوں ہلاک کیا تھا۔ سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں دہشت گردوں کے نیٹ ورکس کو کمزور کرنے میں موثر ثابت ہورہی ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی فورسز خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہے، دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دریں اثنا سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن پر صدر مملکت وزیراعظم اور وفاقی وزیر داخلہ نے سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ موثر کارروائیاں دہشت گرد نیٹ ورکس کو کمزور کررہی ہیں اور عزم استحکام وژن کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھی جائیں، بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گردوں کے عزائم ہر قیمت پر ناکام بنائیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ڈیرہ اسماعیل خان میں 3 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ فتنۃ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیاں دہشت گردوں کے نیٹ ورکس پر کاری ضرب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ خیبر پختونخوا سمیت ملک بھر سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز پرعزم ہیں۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ فتنۃ الخوارج کے مکمل خاتمے کے لئے ریاست اپنے عزم پر قائم ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی ڈی آئی خان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو سراہا اور 3 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے پرعزم ہیں اور دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر قوم کو ناز ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف جدوجہد میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

(12)

ڈیکلریشن اور آئی پی او خلاف ورزیوں کے شواہد سامنے آئے ہیں۔ دونوں کمپنیوں نے مجموعی طور پر دو ارب 32 کروڑ روپے کی درآمدات کیں۔ دونوں کمپنیوں کے نام پر 71 ہزار 815 انٹرنیٹ راؤٹرز کی درآمد کا انکشاف بھی سامنے آیا۔ رپورٹ کے مطابق بغیر پی ٹی اے ٹائپ اپروول کے راؤٹرز درآمد کرنے پر کمپنیوں سے 10 گڈز ڈیکلریشنز ضبط کرلی گئیں۔ دونوں کمپنیوں کے اصل مالکان کے بجائے فرنٹ مین استعمال کیے گئے۔ دونوں کمپنیوں کے وی بوک آئی ڈیز مبینہ طور پر متعدد خفیہ آپریٹرز نے استعمال کیے۔ کسٹمز تحقیقات کے مطابق دونوں کمپنیوں کے درمیان 108 مقامی خریداروں اور 12 غیر ملکی سپلائرز کا مشترکہ تعلق سامنے آیا۔ کسٹمز حکام نے دونوں کمپنیوں کے وی بوک یوزر آئی ڈیز معطل یا منسوخ کرنے اور دونوں کمپنیوں کے خلاف سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کارروائی کی بھی سفارش کی۔

(13)

میڈیکل کیمپس تربت، مند، ہوشاب، دشت، خاران اور ماشکیل کے دورافتادہ علاقوں میں لگائے گئے، جہاں 15 ہزار 489 مریضوں کو مفت علاج معالجے کی سہولت فراہم کی گئی۔ کیمپس میں مریضوں کو مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں، جبکہ بچوں، خواتین اور بزرگوں پر خصوصی توجہ دی گئی۔ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے بلوچستان کے دورافتادہ علاقوں میں طبی سہولیات کی فراہمی عوامی خدمت کے سلسلے کی کڑی قرار دی گئی ہے۔

(14)

اللہ خان کے جسدِ خاکی ایتھوپین ایئرلائنز کی پرواز کے ذریعے ادیس ابابا سے کراچی پہنچائے گئے تھے۔ یہ ملاح صومالی قزاقوں کی قید میں تقریبا ساڑھے 5 ماہ رہے، مسلح قزاقوں نے ان کے تیل بردار بحری جہاز (MT Honour 25) کو 21 اپریل کو صومالیہ کے ساحل کے قریب یرغمال بنایا تھا۔ پنٹ لینڈ کی سیکیورٹی فورسز نے 29 ستمبر کو جہاز چھڑانے کے لیے آپریشن شروع کیا۔ اسی دوران قزاقوں کی فائرنگ سے کاشف عمر سمیت 3 پاکستانی یرغمالی جاں بحق ہوگئے۔ ساڑھے پانچ ماہ کی طویل قید کے دوران پاکستانی یرغمالیوں کو خوراک، ادویات اور پینے کے صاف پانی کی شدید قلت کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

(15)

ہونے کا قوی امکان ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات آخری مراحل میں داخل ہوگئے، پانچویں قسط کیلئے بات چیت سات اکتوبر تک مکمل ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف مشن اور پاکستانی حکام کے درمیان پالیسی مذاکرات میں مختلف اہداف کو حتمی شکل دی جا رہی ہے، جبکہ مذاکرات کی تازہ ترین صورتحال سے وزیراعظم شہباز شریف کو بھی آگاہ کیا جائے گا، جس کے بعد آئی ایم ایف وفد کی وزیراعظم سے ملاقات بھی جلد متوقع ہے۔

(16)

لیتے ہوئے کہا کہ جو قیادت بانی چیئرمین عمران خان کے بیانیے اور نظریے کے ساتھ نہیں چل سکتی، وہ مہربانی کر کے خود ایک طرف ہو جائے اور دوسروں کو آگے بڑھنے کا موقع فراہم کرے۔ جنید اکبر نے پارٹی کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ ایسی تمام قیادت پر گہری نظر رکھیں جو صرف خانہ پری کر رہی ہے، ایسے افراد کی نشاندہی کریں اور مستقبل میں ان کے ٹکٹوں اور پارٹی عہدوں کی بھرپور مخالفت کریں، پارٹی میں اب یہ دوغلا پن مزید نہیں چلے گا کہ ایک طرف کچھ لوگ طویل جیلیں کاٹ رہے ہیں، روزانہ مقدمات اور نااہلیوں کا سامنا صرف عمران خان سے وفاداری کی پاداش میں کر رہے ہیں، دوسری طرف کچھ نام نہاد رہنما نہ تو کارکنان کا بوجھ اٹھانے کو تیار ہیں اور نہ ہی عمران خان کے نظریے کا بوجھ اٹھا سکتے ہیں۔ وزیراعلی خیبر پختونخواہ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے جنید اکبر نے کہا کہ سہیل آفریدی کی نااہلی کی واحد وجہ صرف عمران خان سے ان کی غیر مشروط وفاداری ہوگی، اور اب اس طرح کا سلسلہ ختم ہونا چاہیے، عمران خان کے وفاداروں کے خلاف کسی بھی قسم کے ناانصافی پر مبنی فیصلے آنے کے بعد تمام رہنماؤں کو اس کرپٹ سسٹم سے باہر نکلنا ہوگا۔

(17)

سے تعلق رکھنے والے کم از کم 35 ڈاکٹروں نے شرکت کی اور مریضوں کا طبی معائنہ کرنے کے ساتھ انہیں طبی مشورے بھی فراہم کیے کیمپ میں ڈاکٹر ایوب مراد، ڈاکٹر الٰہی بخش، ڈاکٹر سجاد، ڈاکٹر عادل، ڈاکٹر اسامہ جمالی، ڈاکٹر زوہیب، ڈاکٹر سالم، ڈاکٹر کریم، ڈاکٹر شعیب، ڈاکٹر ہارون، ڈاکٹر نورین ریاض، ڈاکٹر شیر ید، ڈاکٹر زم زم، ڈاکٹر شہاب، ڈاکٹر چاکر، ڈاکٹر وحید، ڈاکٹر زین، ڈاکٹر طفیل، ڈاکٹر حمزہ، ڈاکٹر پرویز یعقوب، ڈاکٹر محسن جمیل، ڈاکٹر عامر عطا، ڈاکٹر سیما عطا، ڈاکٹر ہما اختر، ڈاکٹر صبرین، ڈاکٹر سارہ بتول، ڈاکٹر اکبر، ڈاکٹر کامران، ڈاکٹر عبدالغفور سمیت دیگر ڈاکٹروں نے خدمات انجام دیں اس موقع پر ہزاروں مریضوں کا چیک اور علاج فراہم کیا گیا فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد پچاس بیڈڈ ہسپتال خدابادان کے ایم ایس ڈاکٹر کامران علی بلوچ کی نگرانی میں ہوا۔

(18)

شہریوں کی ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا پولیس کی 17 ہزار اسامیاں آج بھی خالی ہیں، ضم شدہ اضلاع میں سی ٹی ڈی کا نظام تقریبا غیر فعال ہے، سی ٹی ڈی کے پاس صرف 17 بلٹ پروف گاڑیاں ہیں۔ خواجہ آصف نے یہ بھی کہا کہ پولیس نے چوکیوں کی تعمیر نو اور انہیں مضبوط بنانے کے لیے 42 ارب روپے مانگے، خیبر پختونخوا حکومت نے صرف 1 اعشاریہ 2 ارب روپے جاری کیے، کاغذات میں 42 ارب روپے خرچ کیے جانے کا دعویٰ کیا گیا حقیقت میں یہ رقم ہڑپ کرلی گئی۔ انہوں نے کہا کہ آپ کہتے ہیں یہ ڈالر کی جنگ ہے، بتائیں گزشتہ چند برسوں میں امریکا نے پاکستان کو دہشت گردی کے خلاف جنگ اور سیکیورٹی کے لیے کتنے ارب ڈالر فراہم کیے؟ وزیر دفاع نے کہا کہ کیا کوہاٹ اور پشاور میں ہونے والے ڈرون حملے اور پاکستانی سیکیورٹی پوسٹوں پر ٹی ٹی اے کے حملے حقیقت نہیں ہیں؟ کچھ حقائق دیکھنا ضروری ہیں۔ اُن کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا پولیس کی مجموعی نفری تقریبا ایک لاکھ 25 ہزار ہے، جس میں 13 ہزار نفری وی آئی پی پروٹوکول پر تعینات ہے جبکہ سی ٹی ڈی کی مجموعی نفری 3 ہزار 300 کے قریب ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ سی ٹی ڈی میں صرف 25 مستقل ہیں جبکہ باقی کنٹریکٹ ملازمین ہیں، بتایا جائے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے آپ کی اپنی پالیسی کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ پارٹی کی سوچ دہشت گردوں سے مذاکرات کے تصور سے زیادہ ہم آہنگ رہی، بتایا جائے کہ آپ نے دہشت گردی کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے کتنے ایپکس کمیٹی کے کتنے اجلاس کیے؟

(19)

اظہار انہوں نے اسلام آباد میں پی ٹی آئی وکلا کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ حکومت کے وزیر مذاکرات کے حوالے سے غیر اہم باتیں کر رہے ہیں، مذاکرات کے دو دور ہوئے جو بغیر نتیجہ ہی ختم ہوئے۔ مذاکرات کے پہلے روز ہم اجلاس کے بعد پشاور گئے جہاں ہماری مذاکراتی کمیٹی نے وزیراعلی اور کابینہ سے ملاقات کرکے دہشت گردی کے معاملے پر بریفنگ لی۔ تحریک انصاف نے بتایا کہ ہمارے دو بڑے مطالبات تھے کہ ایک بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کروائی جائے، بانی پی ٹی آئی کے بغیر پی ٹی آئی کوئی فیصلہ نہیں کرے گی۔ مذاکرات میں جو ڈیڈ لاک آیا وہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کا خاتمہ تھا، ہمارا کہنا تھا کہ سیاسی جماعتوں کے جرگے کو سنا جائے، انہیں رد کرنا دانشمندی نہیں ہوگی۔ پی ٹی آئی سیکریٹری جنرل نے کہا کہ ہم امن جرگہ کی دستاویزات دکھائیں گے جس پر مسلم لیگ ن، اے این پی سمیت دیگر جماعتوں کے دستخط موجود ہیں۔ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ ہم ہر مسودے پر باری باری بڑھے، محسن نقوی بہت مرتبہ اجلاس چھوڑ کر باہر گئے، رات 8 بجے تک ہم کئی نکات پر متفق ہو گئے لیکن پھر رات 2 بجے معاملین کی بات پر متفق نہ ہوئے، 72 گھنٹے والے معاملے پر بھی بات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ آخری بات سب باتوں پر بھاری تھی، مذاکرات میں ہمارا تقاضا تھا کہ ہماری آج ملاقات کروائی جائے اور ہمیں یقین دلایا گیا تھا کہ معاہدہ ہوا تو منگل کو وکلا اور بہنوں کی ملاقات کروادی جائے گی، پھر یہ بھی کہا گیا کہ آئندہ سے ملاقاتیں بحال ہو جائیں گی۔

(20)

ممالک کے نمائندے علاقائی امن، سلامتی، انسداد دہشت گردی اور اقتصادی تعاون سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔ روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے اجلاس کے افتتاحی سیشن میں شرکت کی اور مختلف ممالک سے آنے والے وفود سے خطاب کیا۔ پاکستان کی نمائندگی وزیراعظم کے معاونِ خصوصی اور افغانستان کے لیے خصوصی نمائندے سفیر محمد صادق کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد کر رہا ہے۔ پاکستانی وفد میں روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی، افغانستان میں پاکستان کے سفیر عبیدالرحمان نظامانی اور دیگر اعلیٰ حکام بھی شامل ہیں۔ اجلاس کے دوران افغانستان کی موجودہ صورت حال، علاقائی امن و سلامتی، دہشت گردی کے خلاف تعاون، اقتصادی روابط اور خطے میں رابطہ کاری کے فروغ پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے، شرکا افغانستان کے ساتھ مسلسل رابطے، مشترکہ سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے اور علاقائی اقتصادی تعاون کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔ پاکستان نے اجلاس میں اپنے موقف کا اعادہ کرتے ہوئے افغانستان میں امن واستحکام کو پورے خطے کی سلامتی اور خوشحالی کے لیے ضروری قرار دیا۔ پاکستانی حکام کے مطابق مشترکہ سکیورٹی اور اقتصادی مسائل کے حل کے لیے افغانستان کے ساتھ مسلسل رابطہ اور خطے کے ممالک کے درمیان بامقصد مذاکرات جاری رکھنا ناگزیر ہے۔ ماسکو فارمیٹ افغانستان اور خطے کے متعلقہ ممالک کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے، جہاں افغانستان کی سیاسی، سکیورٹی، انسانی اور اقتصادی صورت حال سمیت باہمی دلچسپی کے علاقائی معاملات پر مشاورت کی جاتی ہے۔

(21)

مسودے پیش کئے جائینگے۔ بلوچستان اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج بروز (منگل) 3 بجے طلب کرلیا گیا ہے، اجلاس میں اجلاس میں کوڈ آف کریمنل پروسیجر) 1898 بلوچستان ترمیمی مسودہ قانون پیش کی جائیگی اس کے علاوہ قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی جانب سے بلوچستان سٹیزن فیسیلیٹیشن اینڈ گڈ گورننس کا مسودہ قانون سے متعلق رپورٹ اور بلوچستان کیڈٹ کالجز کا (ترمیمی) مسودہ قانون ایجنڈے کا حصہ ہے۔

(22)

رابطوں اور پروازوں کی تعداد بڑھانے کیلئے پُرعزم ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ انہوں نے سبکدوش کابینہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے نئی کابینہ کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد بھی پیش کی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان ایران جوائنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے 11 ویں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں حاجی رفو گل بڑیچ، نوید یوسف راجپوت، ولی محمد نورزئی، جاوید پراچہ، محترمہ شرمین یونس، فرزانہ اور عطاء اللہ مینگل سمیت چیمبر آف سمال انڈسٹریز کے عہدیداران اور اراکین نے شرکت کی۔ اس موقع پر چیمبر آف سمال کامرس اینڈ انڈسٹریز کی جانب سے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو گولڈ میڈل پہنایا گیا۔

(23)

پی ٹی آئی کو مذاکرات کے لیے بھیجا گیا ہے۔ بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی قیادت آج تک طے نہیں کرسکی کہ مذاکرات کس سے اور کب کیے جائیں؟ پی ٹی آئی میں مذاکرات کے حوالے سے واضح قیادت کا فقدان ہے۔ کبھی پی ٹی آئی کی بہنیں، کبھی خیبر پختونخوا حکومت اور کبھی اپوزیشن مذاکرات کی قیادت کرتی ہے۔ پی ٹی آئی قیادت کے متعدد نمائندے مذاکرات میں موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی موقف اور پالیسی واضح، معاملات مفاہمت کے ذریعے آگے بڑھانا چاہتے ہیں۔ حکومت نے مذاکرات کے لیے اپنی سنجیدگی اور خلوص کا مکمل مظاہرہ کیا ہے، جبکہ یہ لوگ عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ بیرسٹر دانیال چوہدری کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا حکومت نے نیشنل ایکشن پلان پر آج تک کوئی مؤثر کام نہیں کیا۔ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے 2 ہزار سے زائد واقعات ہوئے۔ فتن؟ الخوارج کے خلاف خیبر پختونخوا حکومت کا کردار کیا رہا؟ پی ٹی آئی اب سیاسی جماعت نہیں بلکہ این سی پی پارٹی بن چکی ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ ملک کو آگ لگانے اور سرکاری و نجی املاک کو نقصان پہنچانے کی سیاست کون کرتا ہے؟ ملک میں انتشار اور افراتفری کی سیاست کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ یہ لوگ نفرت اور تفریق کی سیاست کر رہے ہیں۔ خیبر پختونخوا میں 15 سال سے کرپشن کا بازار گرم ہے۔

(24)

ہے جو علم، تحقیق، اخلاقی اقدار اور ذمہ داری کے جذبے سے آراستہ ہو۔ اس مقصد کے لیے اساتذہ کو بااختیار بنانا اور انہیں جدید تعلیمی وسائل اور پیشہ ورانہ تربیت کے مواقع فراہم کرنا ضروری ہے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ ڈیجیٹل دور میں تعلیم کے طریقہ کار میں نمایاں تبدیلیاں آرہی ہیں، لہٰذا اساتذہ کو جدید ٹیکنالوجی اور نئے تعلیمی رجحانات سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے اساتذہ کی استعداد کار میں اضافہ کیا جانا چاہیے۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ اساتذہ کی فلاح و بہبود، ان کے مسائل کا ازالہ اور انہیں باعزت و سازگار ماحول کی فراہمی قومی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ استاد کو معاشرے میں وہ مقام اور احترام ملنا چاہیے جس کا وہ حق دار ہے۔ انہوں نے ملک بھر کے اساتذہ کو ان کی تعلیمی و قومی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی محنت اور عزم پاکستان کے روشن اور بہتر مستقبل کی بنیاد ہے۔

(25)

کو پورا کرنا ہمارے بس میں نہیں، مذاکرات کی ناکامی کی دوسری وجہ ترجیحات کا فرق ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ ہماری ترجیح ریاست ہے، ہماری ترجیح دہشتگردی کا خاتمہ ہے، اپوزیشن کی ترجیح سیاست اور بانی پی ٹی آئی ہے، صوبائی حکومت دہشتگردی کیخلاف وفاقی حکومت سے تعاون نہیں کررہی، صوبائی حکومت ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑی نہیں ہورہی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی طرف سے دہشتگردی کی روک تھام کے لیے تعاون نہیں مل رہا، ہماری افغانستان سے متعلق پالیسی کو 3 صوبے لے کر چل رہے ہیں لیکن خیبر پختونخوا نہیں، اس وقت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کا آپشن زیرغور ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ صوبائی حکومت کی دہشتگردی کیخلاف جنگ سے لاتعلقی سے شدید نقصان ہورہا ہے، بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں پہلے بھی ہوتی رہی ہیں، بانی پی ٹی آئی ہمارے سیاسی مخالف ہیں، ان سے ذاتی دشمنی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کے درمیان بات چیت کا راستہ ہمیشہ کھلا رہتا ہے، مارچ کو اسلام آباد میں کسی صورت داخل نہیں ہونے دیا جائے گا۔

(26)

اقبال دشتی نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ بی ایس ڈی آئی کے تحت جاری تمام نامکمل ترقیاتی اسکیمات کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مزید بہتری آئے گی۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام جاری منصوبوں کی مسلسل نگرانی، مؤثر رابطہ کاری اور عملی پیش رفت کو یقینی بنایا جائے تاکہ ترقیاتی عمل میں غیر ضروری تاخیر کا خاتمہ ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ بی ایس ڈی آئی کے فیز 4 کا آغاز بھی جلد کیا جائے گا جس کے لیے متعلقہ محکمے اپنی تیاری اور ضروری امور کو بروقت مکمل کریں۔ اجلاس میں پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کے انجینئر محمد عالم، اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی سمیت محکمہ بی اینڈ آر، لوکل گورنمنٹ، میونسپل کارپوریشن، اربن پلاننگ، ایم ایم ڈی، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، اریگیشن اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر کیچ نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ بی ایس ڈی آئی کے منصوبوں کی تکمیل کے عمل کو مزید تیز کرتے ہوئے عوامی مفاد کے ان ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ معیار اور مدت کے مطابق مکمل کیا جائے۔

(27)

10 سال تک لگ سکتے ہیں۔ عالمی میڈیا کے مطابق اقوام متحدہ کے اندازوں میں بتایا گیا ہے کہ تمام ملبے کو صاف کرنے میں سات سے دس سال لگیں گے، اگر ضروری وسائل کو بھی تعینات کیا جائے۔ اس سے غزہ کی پٹی میں صفائی کی کوشش جدید تاریخ کی سب سے بڑی کوششوں میں سے ایک ہو جائے گی۔ غزہ میں ملبے کی کل مقدار 61 ملین ٹن بتائی گئی ہے۔ فلسطینی علاقوں میں اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے خصوصی نمائندے، جیکو سیلیرز نے دی گارڈین کو بتایا کہ یہ گزشتہ 18 سالوں میں دنیا بھر میں ہونے والی تمام جنگوں میں پیدا ہونے والے ملبے کی مقدار سے 20 گنا زیادہ ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کلیرنس کا کام انتہائی مشکل اور خطرناک حالات میں کیا جارہا ہے کیونکہ ملبے کے نیچے نہ پھٹنے والے بم دبے ہوئے ہیں۔

(28)

خیبر پختونخوا اسلام آباد ہائیکورٹ کے احکامات کو پس پشت ڈال کر سرکاری ہیلی کاپٹر پر لانگ مارچ کے لیے لکی مروت پہنچ گئے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے 18 ستمبر کو پی ٹی آئی لانگ مارچ سے متعلق 37 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا تھا، عدالت نے صوبائی حکومتوں، بشمول وزرائے اعلیٰ، کو سیاسی مارچ یا احتجاج کے لیے سرکاری وسائل استعمال نہ کرنے کا واضح حکم دیا تھا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق اسلام آباد کی طرف جانے والے کسی بھی مارچ یا سیاسی احتجاج کے لیے سرکاری فنڈز، گاڑیوں، ہیلی کاپٹر، سرکاری اہلکاروں یا مشینری کا استعمال نہیں کیا جائے گا، عدالت نے یہ بھی قرار دیا تھا کہ پرامن احتجاج آئینی حق ہے، تاہم اسلحہ ساتھ لانے کی اجازت نہیں۔ انٹیلیجنس ذرائع کے مطابق سوشل اور ڈیجیٹل میڈیا پر گردش کرنے والی تصاویر میں پی ٹی آئی لانگ مارچ کے شرکا میں سالٹ رائفلز سے لیس مسلح افراد موجود ہیں۔ انٹیلیجنس ذرائع کے مطابق تصویر میں ہتھیار کے ساتھ نظر آنے والے افراد میں سے ایک کی شناخت خارجی گل بہادر گروپ کے اہلکار خارجی شہید اللہ عرف غازی کے طور پر ہوئی ہے، خارجی شہید اللہ عرف غازی کیمن کا رہائشی ہے اور متعدد دہشت گرد حملوں میں حصہ لے چکا ہے۔ انٹیلیجنس ذرائع کے مطابق مارچ کی آڑ میں چھپے دوسرے دہشت گردوں کی نشاندہی کا عمل بھی جاری ہے۔

(29)

ملین بیرل تیل و پٹرولیم مصنوعات میں سے ڈیزل کا بڑا حصہ اگلے 20 روز میں ریلیز کرنے کا وعدہ کیا ہے جبکہ باقی حصہ اگلے 4 ماہ کے دوران فراہم کیا جائے گا دوسری جانب شپ ٹریکنگ فرم کپلر نے دعویٰ کیا ہے کہ ستمبر کے آخری ہفتے کے 7 دنوں میں سے 4 دن مشرق وسطیٰ سے خام تیل کی برآمدات جنگ سے پہلے کی سطح سے بھی زیادہ رہیں۔ رائٹرز کے مطابق جہازوں کی نقل و حرکت پر نظر رکھنے والی کمپنی کپلر کے اعداد و شمار میں انکشاف کیا گیا ہے کہ 24 ستمبر اور 27 سے 29 ستمبر کے دوران خطے سے خام تیل کی برآمدات روزانہ 19.5 ملین سے 22.5 ملین بیرل تک پہنچ گئیں جبکہ ایران کے خلاف امریکی اور اسرائیلی جنگ شروع ہونے سے قبل ایک سال کے دوران اوسط برآمدات 18 ملین بیرل یومیہ تھیں۔

(30)

پرنسپل محمد سلیم سرپرہ نے کہا کہ استاد کسی بھی معاشرے کی ترقی کا بنیادی ستون اور قوم کے مستقبل کا معمار ہوتا ہے۔ استاد کا کام صرف نصاب مکمل کرنا نہیں بلکہ طلبہ میں علم کی جستجو، اخلاق، نظم و ضبط، خود اعتمادی، احترام اور ملک و قوم سے محبت کا جذبہ پیدا کرنا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں استاد کی ذمہ داریاں مزید بڑھ گئی ہیں، جدید ٹیکنالوجی اور بدلتے ہوئے تعلیمی تقاضوں کے باعث اساتذہ کو جدید تدریسی طریقوں کے ساتھ طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں اور انفرادی صلاحیتوں پر بھی توجہ دینا ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک استاد کا اصل اثاثہ اس کے طلبہ کی کامیابی، کردار اور اخلاق ہیں۔ اس موقع پر طلبہ نے تقاریر، مضامین، اشعار اور دیگر تخلیقی سرگرمیوں کے ذریعے اپنے اساتذہ سے محبت اور عقیدت کا اظہار کیا۔ مقررین نے کہا کہ استاد اور طالب علم کا تعلق صرف کلاس روم تک محدود نہیں بلکہ اعتماد، احترام، رہنمائی اور تربیت پر مبنی ہونا چاہیے۔ تقریب میں اسکول کی مختلف تعلیمی و تربیتی سرگرمیوں کو بھی اجاگر کیا گیا، جن میں تحریری صلاحیتوں، ریاضی، فنونِ لطیفہ، ماحولیات، اخلاقی تربیت، ابتدائی طبی امداد اور مصنوعی ذہانت سے متعلق سرگرمیاں شامل ہیں۔ آخر میں اساتذہ نے طلبہ کی محبت اور احترام کو سراہتے ہوئے انہیں محنت، نظم و ضبط، سچائی، والدین و اساتذہ کے احترام اور خدمتِ انسانیت کو اپنی زندگی کا حصہ بنانے کی تلقین کی۔ مقررین نے کہا کہ استاد علم کا وہ چراغ ہے جو خود جل کر نسلوں کو روشنی عطا کرتا ہے، اس لیے معاشرے کی ترقی اور روشن مستقبل کے لیے اساتذہ کا احترام اور تعلیم کا فروغ ناگزیر ہے۔

(31)

3 روز کے دوران 9 روپے فی لیٹر سے زائد اضافہ ہوگیا۔ جیٹ فیول کی قیمت بڑھ کر 355 روپے 52 پیسے فی لیٹر تک پہنچ گئی ہے۔ کم اکتوبر سے 3 اکتوبر تک جیٹ فیول کی فی لیٹر قیمت میں مجموعی طور پر 9 روپے 5 پیسے کا اضافہ ہو چکا ہے۔ جیٹ فیول مہنگا ہونے کے باعث ایئرلائنز کے آپریشنل اخراجات میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق ایئرلائنز کی جانب سے فضائی سفر کے ٹکٹ مہنگے کرنے کا عندیہ دیا گیا ہے۔

(32)

کا ریکارڈ پیش نہ کرنے پر پولیس حکام پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہتھکڑی منگوا لی۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کی۔ تفتیشی افسر کی غیر موجودگی پر جج برہم ہوگئے اور ڈی ایس پی کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔ وکیل صفائی ریاست علی نے کہا کہ عدالت میں تفصیلی دلائل دینے کے لیے تیار ہوں، جس پر جج نے استفسار کیا کہ تفتیشی افسر کدھر ہیں؟ عدالتی اہلکار نے بتایا کہ تفتیشی افسر شہر سے باہر ہے۔ جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کدھر آؤٹ آف سٹی ہیں؟ بلائیں ڈی ایس پی کو، زبانی کلامی باتیں تو نہیں مانی جائیں گی۔

(33)

اگلے مرحلے کا اعلان کرینگے۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا وزیراعظم شہباز شریف نے امریکہ روانگی سے قبل امیر جماعت اسلامی سے ٹیلی فونک رابطہ کیا تھا جس میں انہیں یقین دہانی کرائی گئی تھی کہ وہ وطن واپسی پر اس معاملے کو دیکھیں گے جس کے بعد حافظ نعیم الرحمان نے کراچی سے شروع ہونے والا لانگ مارچ موخر کرنے کا اعلان کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پٹرولیم مصنوعات پر ریلیف پیکیج کو زبردست قرار دے رہی ہے، ریلیف بھی سب کو نہیں مل پا رہا یہ صرف 20 سے 25 فیصد لوگوں کو مل رہا ہے، پاکستان میں اڑھائی کروڑ موٹر سائیکل 40 لاکھ سے زائد گاڑیاں ہیں۔ انہوں نے دعوی کیا کہ حکومت ریلیف دینے کے موڈ میں نہیں تھی، احتجاج اور دھرنے شروع ہوئے تو حکومت اس جانب آئی، اپوزیشن پارٹیاں عوامی حقوق کی بات نہیں کر رہی۔ امیر جماعت اسلامی کا مزید کہنا تھا کہ امیروں کے لئے الگ نظام بنالیں، بڑی گاڑیوں کے لئے فیول مہنگا کردیں، حکومت نے 26 ارب روپے ریلیف ماہانہ کا اعلان کیا مگر ڈیڑھ سو ارب ماہانہ وصول کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر کرنے والوں کے لئے کوئی ریلیف نہیں، ریلیف پیکیج نہیں، لیوی کا خاتمہ اصل ریلیف ہے، ہم نے پوائنٹس بھی بتائے ہیں کہ یہ کیسے ممکن ہوگا۔ حافظ نعیم الرحمن نے واضح کیا کہ ہم ایک دن کے لئے بھی ان مطالبات سے دستبردار نہیں ہوئے، یہ بھتہ حکومت کو ختم کرنا پڑے گا، ہم دوبارہ ملتان سے کسی بھی وقت احتجاج کا سلسلہ دوبارہ شروع کردیں گے۔ وزیر اعظم اپنا وعدہ پورا کر کے ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہئے، ہم نے 7 اکتوبر 2026 تک کا وقت اہل غزہ کے لئے مختص کیا ہے، اس کے بعد ہم آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے اس کے بعد حکومت کو ہم سے شکایت نہیں ہونی چاہئے۔ فلسطین میں اسرائیلی بربریت کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا ہم فلسطینیوں کے لیے بات کرتے رہیں گے، فلسطینیوں کی نسل کشی کی جارہی ہے، جس میں امریکا بھی سہولت کار ہے، فلسطینی پوری امت کے لیے قربانی دے رہے ہیں، مظلوموں کیساتھ کھڑے ہیں، ظالم کے ساتھ نہیں۔

(34)

پی ڈبلیو ڈی کی متنازعہ اراضی کے مسائل کے حل کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر پی ڈبلیو ڈی، ریونیو افسران، پٹواری اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں پی ڈبلیو ڈی کی زمین سے متعلق درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ ریکارڈ طلب کرتے ہوئے ہدایت دی کہ ریکارڈ کی مکمل جانچ پڑتال کے بعد اراضی سے متعلق مسائل کو جلد از جلد حل کیا جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اس معاملے میں تمام قانونی و ریکارڈی تقاضے مکمل کرتے ہوئے پیش رفت کو یقینی بنایا جائے۔

(35)

ٹیکسز، ٹول ٹیکس اور دیگر مسائل کے باعث ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

01

کے لیے مطلع کیا گیا ہے کہ سردیوں کے موسم کے دوران 15 اکتوبر 2026ء سے 14 اپریل 2027ء تک پانچ روزہ دفتری ہفتے کی بنیاد پر سرکاری دفاتر کے اوقات کار درج ذیل ہوں گے۔ پیر تا جمعرات کو صبح 30:08 بجے سے شام 00:04 بجے تک، جبکہ دوپہر 30:01 بجے سے 00:02 بجے تک نماز اور کھانے کا وقفہ ہوگا۔ جمعہ کو صبح 30:08 بجے سے دوپہر 30:03 بجے تک، جبکہ 15:01 بجے سے 15:02 بجے تک نماز جمعہ اور کھانے کا وقفہ ہوگا اسی طرح ہفتہ اور اتوار کو دفاتر بند رہیں گے۔ اعلامیے کے مطابق مذکورہ اوقات کار ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں، جن میں یونیورسٹیاں، کالجز اور اسکول شامل ہیں، پر لاگو نہیں ہوں گے۔ تاہم محکمہ صحت اور محکمہ تعلیم کے منسلک دفاتر چھ روزہ دفتری ہفتے کی بنیاد پر صبح 30:08 بجے سے دوپہر 30:02 بجے تک، جبکہ جمعہ کے روز صبح 30:08 بجے سے دوپہر 30:12 بجے تک کھلے رہیں گے۔

02

جنرل اسلام آباد میں اعلی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے جن میں وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار اور صدر مملکت آصف علی زرداری شامل ہیں۔ اس مرتبہ بھی اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا دورہ کریں گے جہاں وہ سیلاب کے بعد آفات سے نمٹنے کی تیاری کا خود مشاہدہ کریں گے۔ 2022 میں پاکستان کو شدید سیلاب کا سامنا کرنا پڑا تھا جس کے بعد اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا تھا۔ اسلام آباد میں انتونیو گوتریس اقوام متحدہ کے ملٹری آبزرور گروپ ان انڈیا اینڈ پاکستان کے ہیڈکوارٹرز کا بھی دورہ کریں گے۔ یو این ایم او جی آئی پی بھارت اور پاکستان میں اقوام متحدہ کے فوجی مبصرین کا مشن ہے۔

03

نے پاک ایران شاہراہ پر ناکہ لگا کر نادرا آفس کو آگ لگائی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری جائے وقوعہ کی جانب روانہ ہوگئی۔ واقعے کے محرکات اور نقصان سے متعلق مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آسکیں۔

04

اور سب ڈویژن سٹی کے مختلف علاقوں میں پرائس کنٹرول کارروائیاں کی گئیں، جہاں مقررہ وزن سے کم روٹی فراہم کرنے والے تندور مالکان اور ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ان کارروائیوں کے دوران 22 افراد کو گرفتار کرکے مزید قانونی کارروائی کے لیے جیل منتقل کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے واضح کیا کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر مقررہ وزن کی روٹی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے پرائس کنٹرول قوانین پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے گا، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔

05

ان خیالات کا اظہار انہوں نے قلعہ سیف اللہ کے دورے کے موقع پر پولیس افسران اور اہلکاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی سہیل خالد، ایس ایس پی پشین کیپٹن (ر) نوید عالم سمیت دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے۔ آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کو ڈی آئی جی پولیس ژوب نے علاقے کی سیکورٹی صورتحال اور امن وامان کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر آئی جی پولیس بلوچستان نے پولیس افسران کو شہریوں کے تحفظ امن وامان کے قیام اور جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ قبل ازیں قلعہ سیف اللہ پہنچنے پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے آئی جی پولیس بلوچستان کو سلامی پیش کی۔ انہوں نے یادگار شہدا پر حاضری دی اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ بعد ازاں آئی جی پولیس بلوچستان نے قلعہ سیف اللہ دورے کے موقع پر پولیس اسٹیشن بوستان کا معائنہ کیا اور پولیس جوانوں سے ملاقات کی۔ انہوں نے تھانے کی کارکردگی کا جائزہ بھی لیا۔ اس موقع پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس اہلکاروں میں تعریفی اسناد تقسیم کی گئیں۔

06

کی بنیاد بھی فراہم کرتا ہے انہوں نے کہا کہ قوموں کی ترقی اور خوشحالی کا راز معیاری تعلیم اور مخلص و قابل اساتذہ کی محنت میں پوشیدہ ہے۔ اساتذہ کرام اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا کر معاشرے کو باشعور، تعلیم یافتہ اور ذمہ دار افراد فراہم کرتے ہیں حاجی نورمحمد دمڑ نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے تعلیمی نظام کو مزید مضبوط بنانا اور اساتذہ کو درپیش مسائل کا حل یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے۔ اساتذہ کو بہتر سہولیات، باعزت ماحول اور اپنے فرائض کی ادائیگی کے لیے سازگار حالات فراہم کرنا ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ اساتذہ کے خصوصی دن کے موقع پر بلوچستان سمیت ملک بھر کے تمام اساتذہ کرام کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اساتذہ ہماری نئی نسل کے معمار ہیں اور ان کی محنت، خلوص اور رہنمائی ہی ایک مضبوط، تعلیم یافتہ اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔

07

ڈالنے میں پروفیسر محفوظ الرحمٰن کی محنت اور انکی سوچ کارفرما تھی۔ کسی ادارے کی کارکردگی کا انحصار اساتذہ کی کوالٹی پر ہوتا ہے اس لئے این۔ پی۔ ایس کے لئے بہترین سے بہترین اساتذہ کا انتخاب کریں۔ آنے والے وقت میں دوسروں کے علم کو استعمال کرنے والوں کی بجائے علم کو تخلیق کرنے والوں کی ضرورت ہے، انوویٹرز کی ضرورت ہے آج لائف لانگ لرنرز کی ضرورت ہے۔ ملکی سطح پر سپیس ویک شروع کرنے کا ایک مقصد ہے۔ جب مسلمان علم کے میدان میں ایک مقام رکھتے تھے تب دنیا میں علم فلکیات کے ماہر ترین لوگ مسلمان تھے، آج دنیا میں طاقت اور ترقی کا راز سپیس ٹیکنالوجی کی بنیاد پر ہے۔ آج کے دور میں نوجوان کے لئے ضروری ہے کہ وہ منفی سوچ اور فتنوں سے محفوظ رہیں، آج کی دنیا کا سب سے بڑا پھندا فیک نیوز ہے جس سے لوگوں کے ذہنوں کو تبدیل کیا جارہا ہے اور معاشرے کو مختلف طبقات میں تقسیم کیا جارہا ہے۔ آج سے تقریبا 8 سال پہلے ایک بے خبر نوجوان نے میرے اوپر قاتلانہ حملہ کیا اسکی میرے ساتھ کوئی ذاتی دشمنی نہیں تھی بلکہ وہ سوچ تھی جو منفی پراپیگنڈا پر مبنی تھی۔ اللہ تعالی نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے اور اچھے اور برے کی پہچان کرنے کے لئے شعور بھی بخشا ہے، شعور کی طاقت نفرت آمیز سوچ سے ختم ہوجاتا ہے۔ رنگ و نسل مذہب کا کسی بھی قسم کا تعصب انسانی سوچ کے دھارے بدل کر رکھ دیتا ہے۔ اپنی آزادانہ سوچ کی حفاظت کرو تاکہ آپ اپنی مثبت سوچ کی بنیاد پر نئے جہان آباد کرسکیں۔ خلا اور اس میں مضمر اثار پر غور و فکر کرو، اللہ تعالی نے اتنی بڑی کائنات کو خوبصورت توازن کے ساتھ بنایا اور قائم رکھا ہوا ہے ہمیں بھی اپنی سوچ اور فکر میں کائنات کے اس توازن اور ہم آہنگی کو برقرار رکھنا چاہیے۔ ایک گھر میں دو بھائیوں کی سوچ میں فرق ہوتا ہے مگر ہم اپنی الگ سوچ رکھتے ہوئے بھی ایک خاندان کا حصہ ہوتے ہیں تو ہم کیوں مختلف سوچ کے ہوتے ہوئے ایک خوبصورت معاشرے کی تشکیل نہیں کرسکتے۔ ہمیں کائنات کے اس اصول سے سیکھنا چاہیے۔ سوچ کو آزاد رکھو تاکہ آپ ترقی کی راہوں کے مسافر بن سکو۔ تبدیلی مثبت سوچ اور معاشرے میں تعلیم صحت سمیت زندگی کے دیگر شعبہ جات میں لوگوں کی خدمت کرنے سے ہوتی ہے نہ کہ گالیاں نکال کر تبدیلی آتی ہے۔ آج آپ دیکھیں ہم نے گالیاں نکالنے کی بجائے عوام الناس کو تعلیم کی سہولیات فراہم کرکے لوگوں کی زندگیوں میں تبدیلی بھرپا کی ہے۔ یونیورسٹی آف نارووال کے صرف کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ سے 34 بچے اور بچیاں آج دنیا کی مختلف یونیورسٹیوں میں سکالرشپ پر اعلی تعلیم حاصل کررہی ہیں۔ ہم نارووال میں سکول کے بچوں کے لئے پاکستان کا پہلا سپیس میوزیم بنانے جارہے ہیں انشاءاللہ یہ منصوبہ اگلے دو سالوں میں مکمل ہو جائے گا۔ یونیورسٹی آف نارووال میں نیشنل سینٹر فار ڈیپ ٹیک اینڈ ایمرجنگ سائنسز بنارہے ہیں جہاں 6 مختلف ٹیکنالوجیز پر جدید دور کے تقاضوں کے عین مطابق ریسرچ ہوگی۔ علاوہ ازیں سلام ٹیچر ڈے پر منعقدہ تقریب میں مختلف سکولوں کے اساتذہ، ہیڈ ٹیچرز اور ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے افسران سمیت میڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔ اس موقع پر شعبہ تعلیم میں گراں قدر خدمات سرانجام دینے والے 60 اساتذہ کو ہیرو ٹیچر ایوارڈ سے نوازا گیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ زندگی کے تمام تر شعبہ جات میں کامیاب انسانوں کے پیچھے بہترین اساتذہ کی محنت کارفرما ہوتی ہے۔ آج کے دن کی مناسبت سے میں اپنے پرائمری سے لے کر یونیورسٹی تک کے اساتذہ کو سلام پیش کرتا ہوں۔ آج کے اساتذہ پر نسل نو کی تربیت کی سب سے بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ آج کے دور میں علمی میدان میں دن رات تبدیلیاں رونما ہورہی ہیں آج آپ نے اپنے طالب علموں کو اگلے دس سالوں کے چیلنجز کا سامنا کرنے کے لئے تیار کرنا ہے۔ آج دینا آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے دور میں داخل ہوچکی ہے، آج علم روشنی کی رفتار سے آگے بڑھ رہا ہے آج کے دور میں رٹا کامیابی کی ضمانت نہیں ہے۔ میں نے نارووال کی سیاست کو امن تعلیم اور ترقی جیسے تین ستونوں پر کھڑا کیا ہے۔ آج بہترین تعلیم کے مواقع نارووال کے طلبا کو انکی دہلیز پر میسر آرہے ہیں، آج ہزاروں کی تعداد میں غریبوں کے بچے اور بچیاں ان تعلیمی اداروں سے تعلیم حاصل کرکے اپنا مستقبل روشن بنارہے ہیں۔ وہ نارووال جو 15 سال پہلے پسماندہ ضلع تصور کیا جاتا تھا آج ملک میں علم کی بستی کے نام سے جانا جارہا ہے۔ آج کا نارووال علم بانٹنے والے اضلاع میں شامل ہے۔ استاد کا بنیادی فرض ہے کہ وہ اپنے کردار، انداز اور محنت سے اپنے کلاس روم کا ماحول اس طرح ترتیب دیکھ بچے اس ماحول میں دلچسپی لیں اور ان میں سیکھنے کا شوق پیدا ہو، اپنے سکولوں کا ماحول ایسا بنائیں کہ بچے سکول میں خوشی سے آئیں انکو یہ محسوس نہ ہو کہ وہ کسی گھٹن والے ماحول میں جارہے ہیں۔ آج کے دور میں علم کتاب سے نکل کر انٹرنیٹ پر موجود ہے۔ آپ بدوملہی اور سکھو چک میں بیٹھ کر نیویارک کی لائبریریز سے مستفید ہوسکتے ہیں؟ اس لئے استاد کو چاہیے کہ اپنے طلبا کو علم کے ان خزانوں تک رسائی دیں۔ بچوں میں سیکھنے کا شوق پیدا کریں تاکہ وہ دور جدید کے مطابق حصول علم کی دوڑ میں شامل ہوسکیں، اپنے طالب علموں میں علم کی کھوج کی صلاحیت پیدا کریں انکو سوال کرنے دیں اور اپنے سوالوں کے جوابات تلاش کرنے دیں۔ اساتذہ کو اپنے طلبا کی تعلیم کے ساتھ ساتھ انکی تربیت بھی کریں، انکے اندر اچھے اخلاق پیدا کریں، ان کو گفتگو کرنے کا طریقہ سکھائیں، طلبا کو معاشرے کا مفید شہری بنائیں۔ بچوں میں یہ شعور پیدا کریں کہ نفرت آمیز سوچ سے وہ خود کو محفوظ بنائیں۔ میری خواہش ہے کہ میٹرک اور انٹر کے نتائج میں ضلع نارووال ڈویژن میں پہلے نمبر پر ہونا چاہیے۔ استاد ایک نوکری نہیں بلکہ ایک مشن ہے، جس کی بنیاد پر معاشرہ سازی ہوتی ہے۔ آج کے دن کی مناسبت سے آپ سبھی کو یہ عزم کرنا چاہیے کہ ہم ضلع نارووال میں تعلیم کا انقلاب برپا کریں گے۔ تقریب کے آخر میں شعبہ تعلیم میں گراں قدر خدمات سرانجام دینے والے اساتذہ میں ہیرو ٹیچر ایوارڈ تقسیم کیے گئے۔

08

روم، ڈپٹی کمشنر آفس، قلات میں طلباء طالبات کیلئے آن لائن سیشن منعقد ہوگا آگاہی سیشن میں BEEF اسکالرشپس، اہلیت کے معیار، درخواست دینے کے طریقہ کار اور دیگر تعلیمی مواقع کے حوالے سے طلبہ، والدین، اساتذہ، سول سوسائٹی اور تعلیمی اداروں کے نمائندگان شرکاء کو تفصیلی رہنمائی فراہم کی جائے گی۔

09

اور دہشتگردوں کی مذمت کرنا تھا، دوسرا مطالبہ صوبے میں دہشتگردوں کے ٹھکانوں کی مکمل خاتمہ اور تیسرا افغانستان سے متعلق خارجہ پالیسی پر عمل درآمد تھا۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا چوتھا مطالبہ افغان مہاجرین کی واپسی، پانچواں مطالبہ کے پی پولیس ایکٹ پر نظرثانی، چھٹا مطالبہ دہشتگردوں کے خلاف آپریشن میں افواج کے ساتھ تعاون اور ساتواں مطالبہ نیشنل ایکشن پلان پر من وعن عمل درآمد کرنا تھا۔ طارق فضل کا کہنا تھا کہ مذاکرات میں پی ٹی آئی وفد کے پاس مینڈیٹ نہیں تھا، سہیل آفریدی خود یا کوئی صوبائی نمائندہ مذاکرات میں شامل ہوتا تو بہتر تھا، اصل مقصد لانگ مارچ روکنا نہیں بلکہ دہشت گردی کا خاتمہ تھا۔

10

سیاسی حالات، بلوچستان کی مجموعی صورتحال اور عوامی مسائل کے حل سمیت مختلف امور پر اپنی آرا کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سیاسی و پارلیمانی معاملات اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی گفتگو کی گئی۔ دونوں رہنماں نے اس امر پر اتفاق کیا کہ ملک اور صوبے میں سیاسی استحکام، جمہوری عمل کے تسلسل اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ ملاقات میں باہمی رابطوں اور مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

11

بلوچستان کی جانب سے بلدیاتی انتخابات فروری 2027 میں کرانے کے اعلانات اپنی جگہ، تاہم موجودہ صورتحال کے پیش نظر خدشہ ہے کہ اگر صوبہ اسی انداز میں چلتا رہا تو فروری 2027 بھی دور دکھائی دے گا۔ فورم کے مطابق بڑے بڑے اعلانات اپنی جگہ، تاہم اعلانات اور ان پر عملدرآمد میں بھی تعلق ہونا چاہیے۔ تقریبا ایک سال قبل وزیراعلی بلوچستان نے بلدیاتی نمائندوں، چیئرمینز، وائس چیئرمینز اور دیگر منتخب نمائندوں کے لیے تنخواہوں اور مراعات کی فراہمی کا اعلان کرتے ہوئے جامع فارمولا بنانے کی یقین دہانی کرائی تھی، تاہم اس اعلان پر تاحال عملدرآمد نہیں ہوسکا۔ بیان میں کہا گیا کہ گزشتہ کئی ماہ سے بلدیاتی ادارے مالی وسائل اور عملی اختیارات کے حوالے سے مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ نئی مشینری اور بڑے منصوبوں کے اعلانات خوش آئند ہیں، تاہم مقامی حکومتوں کو فعال رکھنے کے لیے فنڈز، اختیارات اور منتخب نمائندوں کے جائز حقوق کی فراہمی بھی ضروری ہے۔ آل بلوچستان لوکل کونسل فورم نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو صرف افتتاحی تقریروں اور اعلانات کے بجائے عملی تبدیلی، فعال بلدیاتی ادارے اور بنیادی سہولیات درکار ہیں۔ فورم نے مطالبہ کیا کہ پہلے سابقہ وعدے پورے کیے جائیں تاکہ نئے دعووں پر بھی عوام کا اعتماد بحال ہوسکے۔

12

ہے۔ آج منائے جانیوالے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے پیغامات میں انہوں نے آئندہ نسلوں کی تشکیل میں اساتذہ کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے تعلیمی نظام کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ صدر آصف علی زرداری نے اپنے پیغام میں کہا کہ اساتذہ علم بانٹنے کے ساتھ ساتھ طلبہ میں تجسس کو پروان چڑھانے اور ان کی کردار سازی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، اساتذہ نوجوانوں کو معاشرے کے ذمہ دار اور مفید شہری بننے کے لیے درکار مہارتیں اور اقدار فروغ دینے میں مدد دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سال عالمی یوم اساتذہ کا موضوع اساتذہ کے ساتھ یکجہتی، پیشے کے تحفظ، اس کی حیثیت کے فروغ اور مستقبل کی تشکیل میں اساتذہ کے کردار کو اجاگر کرتا ہے، اساتذہ کی خدمات کو تسلیم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں پیشہ ورانہ معاونت اور ترقی کے بہتر مواقع فراہم کرنا بھی ضروری ہے تاکہ وہ اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں انجام دے سکیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ تعلیمی ادارے اور اساتذہ کردار سازی میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے قومی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد رکھتے ہیں۔ وزیراعظم نے ملک بھر میں دانش سکولوں کے قیام کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ ان اداروں کے ذریعے باصلاحیت اور ذہین طلبہ، خصوصا معاشی طور پر کمزور پس منظر رکھنے والے بچوں کو معیاری تعلیم تک رسائی فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی کے لیے معیاری تعلیم کا فروغ اور نوجوان نسل کی بہتر تربیت ناگزیر ہے، جس میں اساتذہ کا کردار مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔

13

ہونے والے جہاز ایم ٹی آنر 25 کے پاکستانی عملے کے بقیہ 3 ارکان کو بھی بحفاظت بازیاب کرالیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستانی عملے کے باقی تین ارکان عمران علی، محمد یاسین اور سید حسین یوسف کو کامیابی سے بازیاب کرایا گیا اور یہ تینوں جبوتی میں پاکستانی سفارت خانے کی ٹیم کے ہمراہ عدیس ابابا پہنچ گئے ہیں۔ نائب وزیراعظم نے بتایا کہ تینوں پاکستانی انشا اللہ ایتھوپین ایئرلائنز کی کراچی جانے والی پہلی دستیاب پرواز سے پاکستان روانہ ہوں گے، 7 اکتوبر کو آمد متوقع ہے۔

14

مہر النساء کی تعلیمی و تدریسی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ان کے نام سے منسوب کی گئی تقریب میں رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ بطور مہمان خصوصی، وائس چانسلر یونیورسٹی آف گوادر عبدالرزاق صابر، ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر معین الرحمٰن خان، ڈپٹی کمشنر گوادر نجیب اللہ کاکڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر زاہد حسین سمیت اساتذہ کرام، اسکول پرنسپلز، سیاسی و سماجی شخصیات اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہیں اور ان کا احترام معاشرے کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر میں گزشتہ دس سال سے عالمی یوم اساتذہ کی تقریبات کا مسلسل انعقاد اساتذہ کی خدمات کے اعتراف اور ان کی حوصلہ افزائی کی ایک مثبت روایت ہے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ قلم سے زیادہ طاقتور کوئی چیز نہیں، طلبہ و طالبات کو چاہیے کہ وہ تعلیم اور قلم کی طاقت سے اپنے حقوق کی جنگ لڑیں، نہ کہ کسی دوسرے راستے کا انتخاب کریں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں جن اقوام نے ترقی اور کامیابی حاصل کی، انہوں نے تعلیم کو ترجیح دی اور اپنے تعلیمی نظام کو مضبوط بنایا انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ طلبہ و طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ان کی کاؤنسلنگ اور رہنمائی بھی کریں، تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں، دلچسپیوں اور رجحانات کو سمجھتے ہوئے مستقبل کے لیے درست راستے کا انتخاب کرسکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تعلیمی اداروں کی بہتری، خستہ حال اسکولوں کی بحالی اور طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے ترقیاتی وسائل اور ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے مختلف اقدامات جاری ہیں رکن صوبائی اسمبلی نے بتایا کہ دوران سروس وفات پانے والے اساتذہ کے لواحقین کے ان سروس ڈیتھ کوٹہ سے متعلق درخواستوں پر کارروائی مکمل کرلی گئی ہے

15

پولیس نے کارروائی کے دوران تمام غیر ملکی سامان قبضے میں لے کر اسمگلنگ کا مقدمہ درج کرلیا ہے اور مزید تفتیش کا آغاز کردیا ہے۔

16

کیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی قیادت میں پاکستانی پارلیمانی وفد نے بنگلہ دیشی امیدوار کی حمایت کرتے ہوئے خطے میں پارلیمانی تعاون کے فروغ اور آئی پی یو میں ایشیا پیسیفک خطے کی مؤثر نمائندگی کے عزم کا اعادہ کیا۔ محترمہ جشرت عادیب چودھری نے بعد ازاں اکثریتی ووٹ حاصل کرتے ہوئے آئی پی یو کی ایگزیکٹو کمیٹی کی رکنیت حاصل کرلی۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے محترمہ جشرت عادیب چودھری اور بنگلہ دیشی پارلیمانی وفد کو کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان بنگلہ دیش کے ساتھ اپنے تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی روابط کو مزید مستحکم بنانے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایشیا پیسیفک خطے کی پارلیمانوں کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور عالمی پارلیمانی فورم پر خطے کی اجتماعی آواز کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے پر یقین رکھتا ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پارلیمانی سفارت کاری، مکالمے، باہمی مفاہمت اور مشترکہ علاقائی و عالمی چیلنجز کے حل کے لیے تعاون کو فروغ دینے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔

17

شیرانی کے صدر بھٹو شیرانی، جنرل سیکرٹری سید علی شاہ حریفال، جی ٹی اے آئینی صدر عبداللہ شیرانی، جنرل سیکرٹری اصغر شیرانی، کلرک داد خان حریفال، ہیڈ ماسٹر حبیب الرحمٰن، عبدالوہاب شیرانی سمیت اساتذہ کرام اور ہیڈز نے شرکت کی۔ اس موقع پر اساتذہ کی علمی و تدریسی خدمات، محنت اور خلوص کو خراج تحسین پیش کیا گیا، جبکہ تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اساتذہ کو Best Teacher Awards سے بھی نوازا گیا۔ مقررین نے کہا کہ اساتذہ نئی نسل کی تعلیم و تربیت، کردار سازی اور مستقبل کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کی خدمات کا اعتراف اور حوصلہ افزائی تعلیمی معیار میں بہتری کے لیے ضروری ہے۔ تقریب خوشگوار اور پروقار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی۔

18

صورت حال کا جائزہ لینے کیلئے کیم نومبر کو دوبارہ اجلاس منعقد کرے گا۔ اس سے قبل جی سیون ممالک نے 100 ملین بیرل تیل و پیٹرولیم مصنوعات میں سے ڈیزل کا بڑا حصہ اگلے 20 روز میں ریلیز کرنے کا وعدہ کیا ہے جبکہ باقی حصہ اگلے 4 ماہ کے دوران فراہم کیا جائے گا۔ دوسری جانب شپ ٹریکنگ فرم کپلر نے دعوی کیا ہے کہ ستمبر کے آخری ہفتے کے 7 دنوں میں سے 4 دن مشرق وسطی سے خام تیل کی برآمدات جنگ سے پہلے کی سطح سے زیادہ رہیں۔ رپورٹ کے مطابق جہازوں کی نقل و حرکت پر نظر رکھنے والی کمپنی کپلر کے اعداد و شمار میں انکشاف کیا گیا ہے کہ 24 ستمبر اور 27 سے 29 ستمبر کے دوران خطے سے خام تیل کی برآمدات روزانہ 19.5 ملین سے 22.5 ملین بیرل تک پہنچ گئیں جبکہ ایران کے خلاف امریکی اور اسرائیلی جنگ شروع ہونے سے قبل ایک سال کے دوران اوسط برآمدات 18 ملین بیرل یومیہ تھیں۔

19

وکیل معظم بٹ چیف جسٹس کی عدالت میں پیش ہوئے۔ وکیل معظم بٹ نے عدالت کو بتایا کہ تینوں اراکین قومی اسمبلی نے لانگ مارچ میں ممکنہ رکاوٹوں کے خلاف درخواست دائر کی ہے، جس پر چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ لانگ مارچ تو ہو رہا ہے، کیا پابندی ہے؟ معظم بٹ نے بتایا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے آرڈر کے بعد چیف سیکرٹری اور آئی جی پی نے اعلامیہ جاری کیا ہے۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ کیا آپ اسلام آباد ہائیکورٹ کے آرڈر سے متاثر ہیں؟ وکیل نے جواب دیا کہ نہیں، ہم قانون کے تحت احتجاج کرنا چاہتے ہیں۔ احتجاج ان اراکین اسمبلی کے حلقوں سے گزرے گا جہاں ممکنہ رکاوٹیں حائل ہوسکتی ہیں۔ معظم بٹ نے استدعا کی کہ اداروں کو حکم دیا جائے کہ لانگ مارچ میں کوئی رکاوٹ حائل نہ کریں اور کیس آج ہی سماعت کے لیے مقرر کیا جائے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ یہ کوئی بی پی اے یا ٹی اے کی درخواست نہیں کہ آج ہی لگ جائے، عدالت نے کہا کہ اس معاملے کو دیکھتے ہیں۔

20

نوکنڈی میں 37، چمن میں 32 اور صوبے کے گرم ترین شہر تربت میں درجہ حرارت 42 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا۔ علاوہ ازیں ساحلی علاقوں میں بھی موسم نسبتا معتدل رہا، جہاں گوادر میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30 اور جیوانی میں 31 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

21

میں تحائف تقسیم کیے، تحریک انصاف نے عمران خان کے فالوورز کو نرم دلی کے مظاہرے کی بھی تلقین کی۔

22

کے اساتذہ خصوصا دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں محدود وسائل اور مختلف مشکلات کے باوجود بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کر رہے ہیں، جن کی خدمات خراج تحسین کی مستحق ہیں۔ میر گہنور خان سیال نے کہا کہ تعلیم یافتہ اور باشعور معاشرے کی تشکیل میں استاد کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ بالخصوص بچیوں کی تعلیم کے فروغ میں خواتین اساتذہ کی خدمات انتہائی اہم ہیں، کیونکہ ایک تعلیم یافتہ نوجوان نہ صرف اپنے خاندان بلکہ پورے معاشرے میں مثبت تبدیلی کا ذریعہ بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے تعلیمی اداروں کو فعال بنانا، بنیادی سہولیات کی فراہمی، تدریسی معیار میں بہتری اور اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافہ ناگزیر ہے۔ اساتذہ کو جدید تدریسی طریقوں سے روشناس کرانے کے ساتھ ساتھ انہیں بہتر تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات فراہم کی جانی چاہئیں، انہوں نے مزید کہا کہ استاد کا احترام دراصل علم، تعلیم اور مستقبل کا احترام ہے، ایک مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی پہچان یہ ہے کہ وہاں اساتذہ کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے اور ان کے مقام و کردار کا اعتراف کیا جائے۔ میر گہنور خان سیال نے یوم اساتذہ کے موقع پر تمام اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم کے روشن مستقبل کی تعمیر میں اساتذہ کا کردار ہمیشہ ناقابل فراموش رہے گا۔

23

بیان میں لیفٹیننٹ جنرل ایال زامیر نے کہا کہ 7 اکتوبر 2023 کے روز فوج کو شدید ناکامی کا سامنا کرنا پڑا، 7 اکتوبر کے حملوں سے متعلق فوجی تحقیقات مکمل کر لی گئی ہیں اور ان سے تباہی کی شدت کا اندازہ ہوا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ماضی کی ناکامیوں میں الجھنے کے بجائے ان سے سبق حاصل کرکے اصلاحات نافذ کرنا اور آگے بڑھنا ضروری ہے۔

24

اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے معززین نے شرکت کی تقریب کے مہمان خصوصی وائس چانسلر یونیورسٹی آف گوادر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر تھے، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر رومیل نعیم جان، پرو وائس چانسلر منظور احمد، میڈم بلقیس سلیمان اور میر ارشد کلمتی نے خطاب کیا۔ مقررین نے اساتذہ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ استاد معاشرے کی فکری، اخلاقی اور تعلیمی تعمیر کا بنیادی ستون اور نئی نسل کی کردار سازی اور مستقبل سنوارنے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے تقریب میں سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے مرد و خواتین اساتذہ کی نمایاں تدریسی خدمات کے اعتراف میں انہیں شیلڈز پیش کی گئیں، جبکہ طلبہ و طالبات نے ٹیبلو، تقاریر اور دیگر پروگرامز پیش کرکے حاضرین سے داد وصول کی شعبہ تعلیم کے لیے طویل اور نمایاں خدمات کے اعتراف میں میڈم شہناز صادق آسکانی اور ماسٹر نور بخش کو لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے نوازا گیا۔ تقریب میں ضلع کونسل گوادر کے چیئرمین شے مختیار، چیف آفیسر افضل شہزادہ، فاروق میر غفور کلمتی سمیت دیگر معزز شخصیات، اساتذہ، طلبہ و طالبات اور شہریوں نے شرکت کی تقریب کی نظامت کے فرائض عزیزہ سنبل نے انجام دیے۔

25

امریکی فوجی تعینات ہیں، جن کی ذمے داریوں میں فضائی دفاعی نظام چلانا شامل ہے، جبکہ امریکی پائلٹس، معاون عملہ، لاجسٹکس اہلکار اور فوجی ہیڈکوارٹرز میں خدمات انجام دینے والے اہلکار بھی وہاں موجود ہیں۔ رپورٹ کے مطابق امریکی فوج حالیہ ہفتوں کے دوران معمول کے مطابق فوجیوں کی تعیناتیوں میں ردوبدل کر رہی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ آنے والے ہفتوں میں مزید فوج اور طیارے اسرائیل پہنچنے کی توقع ہے، جو مشرق وسطی میں ممکنہ کشیدگی میں اضافے کی تیاریوں کا حصہ ہوں گے۔ یہ رپورٹ خطے میں امریکا کی وسیع تر فوجی تیاریوں کے درمیان سامنے آئی ہے۔ حالیہ رپورٹس میں ایران کے ساتھ بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث مزید امریکی فوجیوں اور بحری اثاثوں کی تعیناتی کی نشاندہی کی گئی ہے۔

26

سعید رفیع اللہ شاہ، لیڈی ویکسینیٹرز اور میل ویکسینیٹرز نے شرکت کی اجلاس کے دوران ضلع کے مختلف یونین کونسلز اور شہری علاقوں کے انچارجز نے اپنی ماہانہ کارکردگی، ویکسینیشن کوریج اور متعلقہ علاقوں کی صورتحال کے حوالے سے تفصیلی رپورٹس پیش کیں، جبکہ آئندہ کے حکمت عملی اور ویکسینیشن سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے کے لیے تجاویز بھی اجلاس کے سامنے رکھیں اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت کے تمام افسران و اہلکار اپنی حاضری اور ذمہ داریوں کو یقینی بنائیں، فرائض میں کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تمام ویکسینیٹرز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں اور یونین کونسلز کے بارے میں مکمل معلومات اور زمینی صورتحال سے باخبر رہیں تاکہ ویکسینیشن کی سرگرمیوں کو مؤثر اور بروقت بنایا جا سکے ڈاکٹر محمد فہیم خان اوتمانخیل نے کہا کہ ماں اور بچے کو بنیادی صحت کی سہولیات، حفاظتی ٹیکوں اور ضروری ویکسین کی فراہمی ان کی دہلیز تک پہنچانا محکمہ صحت کی اہم ذمہ داری ہے، جس کے لیے تمام متعلقہ اہلکار اپنی ذمہ داریاں پوری محنت، لگن اور احساس ذمہ داری کے ساتھ ادا کریں اجلاس میں ای پی آئی پروگرام کی کارکردگی مزید بہتر بنانے، ویکسینیشن کوریج بڑھانے اور دور دراز علاقوں میں ماں اور بچے تک صحت کی سہولیات کی بروقت فراہمی کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

27

کی بنیاد ہے۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ تعلیم ترقی کی بنیادی شرط اور معاشرے کی خوشحالی کا اہم ذریعہ ہے۔ بلوچستان کی پائیدار ترقی کے لیے معیاری تعلیم کا فروغ ناگزیر ہے اور ہر بچے تک تعلیم کی رسائی یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ استاد صرف علم منتقل نہیں کرتا بلکہ طلبہ کی کردار سازی اور انہیں ایک ذمہ دار شہری بنانے میں بھی بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ اساتذہ کو ضروری سہولیات اور سازگار تعلیمی ماحول کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ میر ظہور بلیدی کا کہنا تھا کہ تعلیم یافتہ نوجوان بلوچستان کا روشن مستقبل ہیں، جبکہ تعلیم میں سرمایہ کاری دراصل مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ مضبوط اور معیاری تعلیمی نظام ہی ایک ترقی یافتہ، باشعور اور خوشحال معاشرے کی ضمانت بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کا احترام صرف ایک دن تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ یہ پورے معاشرے کی مستقل ذمہ داری ہے۔ قوموں کی تعمیر میں اساتذہ کا کردار ہمیشہ بنیادی اور ناقابل فراموش رہا ہے۔ میر ظہور بلیدی نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر تمام اساتذہ کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی خدمات، محنت اور قربانیاں قوم کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔

28

پرواز پر سوار ہونے والی تھیں۔ امریکی حکام کے مطابق ان پر چینی حکومت کی غیر رجسٹرڈ ایجنٹ کے طور پر کام کرنے کا الزام ہے۔ ایف بی آئی کا دعوی ہے کہ ژانگ نے تائیوان کے صدر لائی چنگ تے کے بیٹے لائی تنگ یو اور ان کے خاندان کی نگرانی کی۔ الزام ہے کہ 2025 میں وہ چینی حکام کی ہدایت پر سیٹل گئیں اور وہاں صدر تائیوان کے بیٹے اور خاندان سے متعلق تصاویر، ویڈیوز اور گاڑیوں کے نمبر پلیٹس کی معلومات جمع کر کے چینی حکام کو فراہم کیں۔ ایف بی آئی کے مطابق ژانگ نے اپنی سرگرمیوں کو خفیہ رکھنے کے لیے ایسے طریقے استعمال کیے جن سے نگرانی کا مقصد ظاہر نہ ہو۔ تائیوان کے صدارتی دفتر نے اس واقعے کو "بین الاقوامی سطح پر سیاسی دبا" کی ایک مثال قرار دیتے ہوئے امریکی حکام کا شکریہ ادا کیا ہے۔

29

آفریدی نا سمجھ ہے، اگر اپنے عوام کے ساتھ کھڑا ہونا ناسمجھی ہے تو میں یہ ناسمجھی بار بار کروں گا، آپ کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ملک تقسیم ہو رہا ہے، جس حکومت کا آپ حصہ ہیں وہ 5300 ارب روپے کی کرپشن کرچکی ہے، اگر آپ کے لیے یہ سمجھداری ہے تو میں ایسی سمجھداری پر لعنت بھیجتا ہوں، اگر ملک سے محبت ناسمجھی ہے تو میں یہ ناسمجھی بار بار کروں گا۔ ان کا کہنا تھا کہ جنہیں مسلط کیا گیا ہے وہ پاکستان کو تقسیم اور ملک میں تعصب پیدا کرنا چاہتے ہیں، حالات ان کے قابو سے باہر نکل گئے ہیں، جنہیں دوبارہ آباد کیا گیا وہ بھی ان کے قابو سے باہر ہو گئے ہیں، خیبرپختونخوا حکومت کو غلط پالیسی کا حصہ بننے پر مجبور کیا جا رہا ہے میں عمران خان کا کھلاڑی ہوں، میں نے طاقتوروں کو ابسولوٹلی ناٹ کہا ہے، ملک پر مسلط ایک مائنڈ سیٹ خیبرپختونخوا کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہا ہے، یہ ایک غلط پالیسی پر دوسری غلط پالیسی مسلط کرنا چاہتے ہیں اور آپ کو الگ کرنا چاہتے ہیں۔ وزیراعلی نے کہا کہ بند کمروں کے فیصلہ سازوں نے ملک پر ایسی پارٹی مسلط کی ہے، جس کی وزیراعلی کہتی ہے کہ مجھے انڈیا سے کوئی خطرہ نہیں مگر باقی تین صوبوں سے خطرہ ہے، جب تک ہم اور ہماری نسلیں زندہ ہیں، ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ چور اور ڈاکو ملک کے ساتھ مخلص نہیں ہو سکتے، پورے پاکستان کا ایک ہی لیڈر ہے جس کا نام عمران احمد خان نیازی ہے، عمران خان ہمارے دلوں کی دھڑکن ہے، 90 فیصد لوگ عمران خان کو چاہتے ہیں، عمران خان ہی ملک کو دلدل سے نکال سکتے اور اداروں کی عزت و وقار بحال کرا سکتے ہیں۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ جو فوجی جوان شہید ہوتے ہیں اور ملک کے لیے قربانی دیتے ہیں، وہ ہمارے وجود کا حصہ ہیں جبکہ پورے ملک میں اس موجودہ سسٹم کے خلاف نفرت دیکھ رہا ہوں، خیبر سے کراچی تک ہر شخص اسلام آباد جانا چاہتا ہے، ہمارے جمہوری مطالبات آپ کو ماننا پڑیں گے، پاکستان میں وہی پالیسی بنے گی جو عوام کے حق میں ہوگی، ہم ہر اس پالیسی کے باغی ہیں جو عوام کے مفاد میں نہ ہو۔ وزیراعلی سہیل آفریدی نے کہا کہ عمران خان دلیری سے جیل کاٹ رہے ہیں، اگر انہیں اقتدار کی لالچ ہوتی تو ایک دستخط کرکے باہر آجاتے، مگر وہ نہیں جھکے، ہم نے حقیقی آزادی کی جنگ عمران خان کے سنگ لڑنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اور ان کا پورا خاندان ہمارے اور ہمارے بچوں کے مستقبل کے لیے قربانی دے رہا ہے، 26 ویں آئینی ترمیم کے بعد عدالتیں چٹ کا انتظار کرتی ہیں، عمران خان آپ کا انتظار کر رہے ہیں، آپ کو فیصلہ کرنا ہے کہ غلامی قبول کرنی ہے یا حقیقی آزادی چاہتے ہیں، آپ کو فیصلہ کرنا ہے کہ طاقتور کے سامنے سر جھکانا ہے یا آزادی کی جنگ لڑنی ہے۔ وزیراعلی نے مزید کہا کہ پاکستان کے کونے کونے سے صوابی پہنچیں جہاں!؟ سندہ کا لائحہ عمل دیا جائے گا۔

30

اینڈ ہسپتال کی جانب سے دائر پہلی درخواست، ڈبلیو پی نمبر 41665/2022، اور اس سے منسلک دوسری درخواست، ڈبلیو پی نمبر 65996/2025 کا فیصلہ کیا۔ پہلی درخواست میں درخواست گزار نے 10 جون 2022 کے پراپرٹی ٹیکس ریکوری نوٹس کو چیلنج کیا تھا، جس کے ذریعے بقایاجات، موجودہ پراپرٹی ٹیکس اور ڈیفالٹ سرچارج کی وصولی کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ درخواست گزار کا موقف تھا کہ وہ متنازعہ جائیداد کا مالک نہیں بلکہ لیز ہولڈر ہے اور لیز معاہدہ رجسٹرڈ بھی نہیں، اس لیے پراپرٹی ٹیکس کی ذمہ داری اصل مالک یعنی ایم ٹیکس لمیٹڈ پر عائد ہوتی ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ لیز معاہدے کے مطابق جائیداد ابتدائی طور پر 14 ستمبر 2017 سے 13 ستمبر 2050 تک 33 سال کیلئے لیز پر دی گئی تھی۔ معاہدے میں لیز ختم ہونے کے بعد مزید 33 سال اور اس کے بعد بھی بار بار تجدید کا اختیار لیز ہولڈر کو دیا گیا تھا۔ عدالت کے مطابق اس شق کی وجہ سے لیز میں مستقل نوعیت پیدا ہوتی ہے اور درخواست گزار کو محض غیر رجسٹرڈ معاہدے کی بنیاد پر ٹیکس کی ذمہ داری سے فرار کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

31

کریں گے۔ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ترجمان نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ حکومت مخالف تحریک جے یو آئی کا اگلا قدم ہے، جنوبی پنجاب کے دل ملتان میں 15 اکتوبر کو مفتی محمود کانفرنس ہوگی، یہ کانفرنس عوامی حقوق کے تحفظ، مہنگائی اور بدامنی کے خلاف سنگ میل ثابت ہوگی۔ ترجمان نے کہا کہ مفتی محمود کانفرنس جنوبی پنجاب کی سیاسی سمت کا تعین کرے گی، مولانا فضل الرحمان، مولانا عبدالغفور حیدری و دیگر مرکزی اور صوبائی قائدین کانفرنس سے خطاب کریں گے، مولانا فضل الرحمان احتجاجی تحریک کے اگلے مرحلے کا اعلان کریں گے۔ ترجمان اسلم غوری نے کہا کہ جے یو آئی ملک میں قانون کی حکمرانی اور صاف و شفاف انتخابات، عوامی مسائل کے لیے میدان عمل میں ہے، بدامنی، مہنگائی اور بے روزگاری نے عوام کی کمر توڑ دی ہے، عوام کو اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے جے یو آئی کے شانہ بشانہ میدان میں نکلنا ہوگا، کارکن یکسوئی، اعتماد اور نظم وضبط سے کانفرنس کی تیاریاں تیز کریں، گلی گلی کوچے کوچے عوام کو شرکت کی دعوت دیں۔

32

یوسفزئی نے کہا کہ تحریک انصاف نے مذاکرات کے دروازے کبھی بند نہیں کیے، لانگ مارچ ہمارا آئینی، قانونی، سیاسی اور جمہوری حق ہے۔ انہوں نے دعوی کیا کہ وزیراعلی سہیل آفریدی کی قیادت میں گزشتہ روز سے جاری لانگ مارچ انتہائی کامیاب اور پرامن ہے۔ حکومت کے پاس صوبے میں کسی بھی غیر آئینی اور غیر جمہوری اقدام کا کوئی جواز نہیں ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ حکومت آج عمران خان سے ملاقات کی اجازت دے تو مسائل کا حل نکل آئے گا۔ مذاکرات حکومت نے ختم کیے ہیں، اس لیے اس فیصلے پر نظرثانی بھی حکومت کو کرنی چاہیے۔ شوکت یوسفزئی نے خبردار کیا کہ گورنر راج یا ایمرجنسی سے حالات بے قابو ہوسکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے میں امن کی سب سے زیادہ ضرورت خیبرپختونخوا کے عوام کو ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا گزشتہ 25 سال سے دہشت گردی کا شکار ہے، حکومت اگر کوئی پالیسی بنانا چاہتی ہے تو تمام اسٹیک ہولڈرز کو بٹھایا جائے۔ شوکت یوسفزئی کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ہر ممکن تعاون کے لیے تیار ہے۔ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا کریڈٹ بیرسٹر گوہر اور ان کی ٹیم کو جاتا ہے۔

33

435 غیر قانونی افغان باشندوں کو گرفتار کیا گیا، کارروائیاں تربت، دشت، پنجگور، دالبدین اور ماشکیل کے علاقہ میں غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف کی گئیں۔ گرفتار 435 غیر قانونی افغان باشندوں کو قانونی کارروائی کے بعد وطن واپس بھیج دیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ طالبان رجیم کی ناکام پالیسیوں اور معاشی مشکلات کے باعث افغان شہری غیر قانونی طور پر پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش کرتے ہیں۔ سیکیورٹی فورسز غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کیلئے جنوبی بلوچستان میں مؤثر کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔

34

ذمہ داروں کا تعین کرے، تاکہ سرکاری وسائل کے ضیاع کا ازالہ اور آئندہ اس قسم کی مبینہ غفلت و بدعنوانی کی روک تھام یقینی بنائی جاسکے۔ زمینداروں نے مزید کہا کہ گرین بیلٹ کی بحالی اور سرکاری منصوبوں پر خرچ ہونے والے فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ متعلقہ حکام زمینی حقائق کا جائزہ لے کر ترقیاتی کاموں کے معیار، اخراجات اور نگرانی کے نظام کی جانچ کریں، جبکہ غفلت یا بے ضابطگی ثابت ہونے کی صورت میں ذمہ دار افسران و اہلکاروں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے تاکہ گرین بیلٹ کو دوبارہ فعال بنا کر زراعت اور مقامی زمینداروں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ کیا جاسکے۔

35

کردار ادا کرتا ہے اپنے ایک پیغام میں ڈی ای او عبدالستار لانگو نے کہا کہ اساتذہ کا مقام معاشرے میں انتہائی بلند ہے، کیونکہ وہ بچوں کو صرف کتابی علم ہی نہیں دیتے بلکہ ان کی اخلاقی تربیت، شخصیت سازی اور بہتر مستقبل کی تیاری میں بھی بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ تعلیم یافتہ اور باشعور معاشرے کی تشکیل اساتذہ کی محنت اور dedication کے بغیر ممکن نہیں انہوں نے کہا کہ محکمہ تعلیم سیوی میں اساتذہ کو درپیش مسائل کے حل، تعلیمی معیار کی بہتری اور سرکاری تعلیمی اداروں میں مثبت تعلیمی ماحول کے فروغ کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اساتذہ اپنی ذمہ داریاں ایمانداری، لگن اور قومی جذبے کے ساتھ ادا کریں تاکہ طلبہ کو معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ اچھے اخلاق اور مثبت سوچ بھی فراہم کی جاسکے عبدالستار لانگو نے مزید کہا کہ موجودہ دور میں اساتذہ پر پہلے سے زیادہ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں، کیونکہ آج کے طلبہ ہی مستقبل میں ملک و قوم کی قیادت کریں گے۔ انہوں نے تمام اساتذہ کو عالمی یوم اساتذہ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی خدمات کو سراہا اور کہا کہ قوم اپنے محسن اساتذہ کی علمی و تربیتی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھتی رہے گی۔

36

تھریٹ انٹیلیجنس سینٹر نے قومی اداروں کے نام پر فشنگ سرگرمیوں کی نشاندہی کر دی، اعلامیے کے مطابق 4 اکتوبر کو نادرا سمیت متعدد اہم اداروں کے نام پر مشتبہ ڈومینز فعال پائے گئے۔ نادرا کے نام سیکیور لوگن ڈومین سمیت مشتبہ ویب سائٹس کی نشاندہی ہوئی۔ ایف بی آر، ایچ ای سی، پی ٹی اے اور ایف آئی اے کے نام پر بھی مشتبہ جعلی ڈومینز فعال ہیں، ایس ای سی پی، بی آئی ایس پی اور وزیراعظم یوتھ پروگرام کے نام پر بھی جعلی ڈومینز سامنے آگئے۔ پنجاب سیف سٹیز کے نام سے بھی مشتبہ لاگ ان ڈومین کی نشاندہی، مشتبہ فشنگ ڈومینز بدستور فعال ہے، نیشنل سرٹ کے مطابق جعلی اور اداروں کی نقالی کے خطرات کی مسلسل نگرانی جاری ہے، شہری اور سرکاری ادارے مشتبہ لنکس، ویب سائٹس اور لاگ ان صفحات سے محتاط رہیں۔

37

حوالے سے کوئی اطلاع نہیں ملی، زلزلے کی گہرائی 220 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔

38

نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن دونوں کو اپنی اپنی سیاسی پوزیشن سے بالاتر ہوکر ملک و قوم کے وسیع تر مفاد کو مقدم رکھنا ہوگا۔ سیاسی اختلاف جمہوری نظام کا حصہ ہے، تاہم ان اختلافات کو ذاتی انا، ضد اور محاذ آرائی کی شکل دینا ملک کو مزید بحرانوں کی طرف لے جاسکتا ہے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ موجودہ حالات میں سیاسی قوتوں کے درمیان مذاکرات اور افہام و تفہیم کا راستہ اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تمام معاملات کو آئین، قانون اور جمہوری اصولوں کے مطابق مذاکرات کی میز پر حل کیا جائے تاکہ ملک میں سیاسی استحکام پیدا ہو اور حکومت اپنی توجہ عوام کو درپیش مہنگائی، بے روزگاری، معاشی مشکلات اور امن و امان کے مسائل کے حل پر مرکوز کرسکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام پہلے ہی مشکلات کا شکار ہیں، انہیں سیاسی محاذ آرائی نہیں بلکہ روزگار، معاشی استحکام، امن اور بہتر مستقبل کی ضرورت ہے۔ حکومت اور اپوزیشن کو عوام کی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے باہمی اختلافات کم اور قومی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنا چاہیے۔

39

کا سلسلہ تیز کرتے ہوئے منشیات کے مقدمے میں ملزمہ پر فرد جرم عائد کردی۔ منشیات کے مقدمے کی سماعت کے دوران انمول عرف پنکی کو ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں پیش کیا گیا۔ عدالت نے ملزمہ سے استفسار کیا کہ آپ پر پولیس کی جانب سے منشیات کا الزام ہے، کیا آپ جرم قبول کرتی ہیں؟ ملزمہ نے ویڈیو لنک کے ذریعے صحت جرم سے انکار کردیا۔ عدالت نے فرد جرم عائد ہونے کے بعد مقدمے کے گواہوں کو نوٹس جاری کردیئے۔ پولیس کے مطابق انمول عرف پنکی کے خلاف منشیات کا مقدمہ گزری تھانے میں درج کیا گیا تھا۔

40

کہ حادثے کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق ہوگئے جب کہ 2 افراد زخمی ہوئے۔ دوسری جانب نواب شاہ ریلوے بالائی پل کے قریب ٹرک کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 2 خواتین جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوگیا۔

41

گئی، جن کی مالیت 85 لاکھ روپے سے زائد ہے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق راولپنڈی میں جی ٹی روڈ پر یونیورسٹی کے قریب کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے 1.4 کلوگرام چرس برآمد ہوئی، گرفتار ملزم نے تعلیمی اداروں کے طلبا کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا۔ ترجمان کے مطابق اسلام آباد ایئرپورٹ پر ریاض جانے والے مسافر کی واسکٹ میں جذب 1.072 کلوگرام آئس برآمد ہوئی، جبکہ ملتان ایئرپورٹ پر شارجہ جانے والے مسافر کے بیگ سے 745 گرام وزنی 1080 ایکسٹیسی گولیاں برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ فیض آباد بس ٹرمینل کے قریب گیزر میں چھپائی گئی 12 کلوگرام چرس برآمد کرکے ایک ملزم کو گرفتار کیا گیا، جبکہ ہیڈ محمد والا انٹرچینج ملتان کے قریب ایک گاڑی سے 10 کلوگرام آئس برآمد کرکے 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ اے این ایف کے مطابق ظفروال روڈ سیالکوٹ کے قریب موٹر سائیکل سوار ملزم سے 6.5 کلوگرام چرس اور پستول برآمد ہوا، جبکہ چونگی نمبر 26 اسلام آباد کے قریب گاڑی سے 1.4 کلوگرام افیون، 1.2 کلوگرام چرس اور بھاری مقدار میں غیر قانونی اسلحہ برآمد کرکے 4 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کرکے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

42

ذرائع کے مطابق صدر اور وزیراعظم کو خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال پر بریفنگ دی جائیگی، صوبے میں جاری سیاسی کشیدگی اور لانگ مارچ کے اثرات پر بھی غور کیا جائے گا۔ اس حوالے سے ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ وفاقی حکومت اور پی ٹی آئی کے مذاکرات کی ناکامی کے اثرات پر مشاورت ہوگی۔ مذاکراتی عمل میں پیشرفت نہ ہونے کے بعد آئندہ سیاسی حکمت عملی پر بھی غور کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں ممکنہ آئینی اقدامات کے قانونی اور سیاسی پہلوؤں کا جائزہ لیا جائیگا۔

43

۔این سی سی آئی اے کے ترجمان کے مطابق ادارے کے ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی نے پنجاب کے تمام سرکلز کے 5 روزہ دورے کے دوران رپورٹنگ سینٹرز، تھانوں اور دفاتر کا معائنہ کیا اور 500 سے زائد شکایت کنندگان سے براہ راست ملاقاتیں کیں۔ ڈی جی این سی سی آئی اے نے ہدایت کی کہ شکایات کے اندراج اور تصدیق کا نظام مزید عوام دوست بنایا جائے اور شہریوں کو بروقت انصاف کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جعلی خبروں اور ریاست مخالف پروپیگنڈے کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے اور میرٹ و شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ دورے کے دوران سائبر کرائم کیسز میں زیرالتوا شکایات، تفتیشی برانچ، شکایتی سیل، ایف آئی آر برانچ، ریکارڈ کی دیکھ بھال اور دیگر انتظامی و پیشہ ورانہ امور کا جائزہ لیا گیا۔ ڈی جی نے افسران کو کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، شکایات اور مقدمات کے بروقت نمٹانے، شفاف تحقیقات اور ریکارڈ کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ رکھنے کی ہدایات بھی جاری کیں۔

44

مہر النساء کی تعلیمی و تدریسی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ان کے نام سے منسوب کی گئی تقریب میں رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ بطور مہمان خصوصی، وائس چانسلر یونیورسٹی آف گوادر عبدالرزاق صابر، ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر معین الرحمٰن خان، ڈپٹی کمشنر گوادر نجیب اللہ کاکڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر زاہد حسین سمیت اساتذہ کرام، اسکول پرنسپلز، سیاسی و سماجی شخصیات اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہیں اور ان کا احترام معاشرے کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر میں گزشتہ دس سال سے عالمی یوم اساتذہ کی تقریبات کا مسلسل انعقاد اساتذہ کی خدمات کے اعتراف اور ان کی حوصلہ افزائی کی ایک مثبت روایت ہے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ قلم سے زیادہ طاقتور کوئی چیز نہیں، طلبہ و طالبات کو چاہیے کہ وہ تعلیم اور قلم کی طاقت سے اپنے حقوق کی جنگ لڑیں، نہ کہ کسی دوسرے راستے کا انتخاب کریں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں جن اقوام نے ترقی اور کامیابی حاصل کی، انہوں نے تعلیم کو ترجیح دی اور اپنے تعلیمی نظام کو مضبوط بنایا انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ طلبہ و طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ان کی کاؤنسلنگ اور رہنمائی بھی کریں، تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں، دلچسپیوں اور رجحانات کو سمجھتے ہوئے مستقبل کے لیے درست راستے کا انتخاب کرسکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تعلیمی اداروں کی بہتری، خستہ حال اسکولوں کی بحالی اور طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے ترقیاتی وسائل اور ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے مختلف اقدامات جاری ہیں رکن صوبائی اسمبلی نے بتایا کہ دوران سروس وفات پانے والے اساتذہ کے لواحقین کے ان سروس ڈیتھ کوٹہ سے متعلق درخواستوں پر کارروائی مکمل کرلی گئی ہے

45

کے لیے مطلع کیا گیا ہے کہ سردیوں کے موسم کے دوران 15 اکتوبر 2026ء سے 14 اپریل 2027ء تک پانچ روزہ دفتری ہفتے کی بنیاد پر سرکاری دفاتر کے اوقات کار درج ذیل ہوں گے۔ پیر تا جمعرات کو صبح 30:08 بجے سے شام 00:04 بجے تک، جبکہ دوپہر 30:01 بجے سے 00:02 بجے تک نماز اور کھانے کا وقفہ ہوگا۔ جمعہ کو صبح 30:08 بجے سے دوپہر 30:03 بجے تک، جبکہ 15:01 بجے سے 15:02 بجے تک نماز جمعہ اور کھانے کا وقفہ ہوگا اسی طرح ہفتہ اور اتوار کو دفاتر بند رہیں گے۔ اعلامیے کے مطابق مذکورہ اوقات کار ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں، جن میں یونیورسٹیاں، کالجز اور اسکول شامل ہیں، پر لاگو نہیں ہوں گے۔ تاہم محکمہ صحت اور محکمہ تعلیم کے منسلک دفاتر چھ روزہ دفتری ہفتے کی بنیاد پر صبح 30:08 بجے سے دوپہر 30:02 بجے تک، جبکہ جمعہ کے روز صبح 30:08 بجے سے دوپہر 30:12 بجے تک کھلے رہیں گے۔

46

جنرل اسلام آباد میں اعلی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے جن میں وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار اور صدر مملکت آصف علی زرداری شامل ہیں۔ اس مرتبہ بھی اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا دورہ کریں گے جہاں وہ سیلاب کے بعد آفات سے نمٹنے کی تیاری کا خود مشاہدہ کریں گے۔ 2022 میں پاکستان کو شدید سیلاب کا سامنا کرنا پڑا تھا جس کے بعد اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا تھا۔ اسلام آباد میں انتونیو گوتریس اقوام متحدہ کے ملٹری آبزرور گروپ ان انڈیا اینڈ پاکستان کے ہیڈکوارٹرز کا بھی دورہ کریں گے۔ یو این ایم او جی آئی پی بھارت اور پاکستان میں اقوام متحدہ کے فوجی مبصرین کا مشن ہے۔

47

نے پاک ایران شاہراہ پر ناکہ لگا کر نادرا آفس کو آگ لگائی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری جائے وقوعہ کی جانب روانہ ہوگئی۔ واقعے کے محرکات اور نقصان سے متعلق مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آسکیں۔

48

اور سب ڈویژن سٹی کے مختلف علاقوں میں پرائس کنٹرول کارروائیاں کی گئیں، جہاں مقررہ وزن سے کم روٹی فراہم کرنے والے تندور مالکان اور ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ان کارروائیوں کے دوران 22 افراد کو گرفتار کرکے مزید قانونی کارروائی کے لیے جیل منتقل کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے واضح کیا کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر مقررہ وزن کی روٹی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے پرائس کنٹرول قوانین پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے گا، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔

49

ان خیالات کا اظہار انہوں نے قلعہ سیف اللہ کے دورے کے موقع پر پولیس افسران اور اہلکاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی سہیل خالد، ایس ایس پی پشین کیپٹن (ر) نوید عالم سمیت دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے۔ آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کو ڈی آئی جی پولیس ژوب نے علاقے کی سیکورٹی صورتحال اور امن وامان کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر آئی جی پولیس بلوچستان نے پولیس افسران کو شہریوں کے تحفظ امن وامان کے قیام اور جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ قبل ازیں قلعہ سیف اللہ پہنچنے پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے آئی جی پولیس بلوچستان کو سلامی پیش کی۔ انہوں نے یادگار شہدا پر حاضری دی اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ بعد ازاں آئی جی پولیس بلوچستان نے قلعہ سیف اللہ دورے کے موقع پر پولیس اسٹیشن بوستان کا معائنہ کیا اور پولیس جوانوں سے ملاقات کی۔ انہوں نے تھانے کی کارکردگی کا جائزہ بھی لیا۔ اس موقع پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس اہلکاروں میں تعریفی اسناد تقسیم کی گئیں۔

50

کی بنیاد بھی فراہم کرتا ہے انہوں نے کہا کہ قوموں کی ترقی اور خوشحالی کا راز معیاری تعلیم اور مخلص و قابل اساتذہ کی محنت میں پوشیدہ ہے۔ اساتذہ کرام اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا کر معاشرے کو باشعور، تعلیم یافتہ اور ذمہ دار افراد فراہم کرتے ہیں حاجی نورمحمد دمڑ نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے تعلیمی نظام کو مزید مضبوط بنانا اور اساتذہ کو درپیش مسائل کا حل یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے۔ اساتذہ کو بہتر سہولیات، باعزت ماحول اور اپنے فرائض کی ادائیگی کے لیے سازگار حالات فراہم کرنا ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ اساتذہ کے خصوصی دن کے موقع پر بلوچستان سمیت ملک بھر کے تمام اساتذہ کرام کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اساتذہ ہماری نئی نسل کے معمار ہیں اور ان کی محنت، خلوص اور رہنمائی ہی ایک مضبوط، تعلیم یافتہ اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔

51

ڈالنے میں پروفیسر محفوظ الرحمٰن کی محنت اور انکی سوچ کارفرما تھی۔ کسی ادارے کی کارکردگی کا انحصار اساتذہ کی کوالٹی پر ہوتا ہے اس لئے این۔ پی۔ ایس کے لئے بہترین سے بہترین اساتذہ کا انتخاب کریں۔ آنے والے وقت میں دوسروں کے علم کو استعمال کرنے والوں کی بجائے علم کو تخلیق کرنے والوں کی ضرورت ہے، انوویٹرز کی ضرورت ہے آج لائف لانگ لرنرز کی ضرورت ہے۔ ملکی سطح پر سپیس ویک شروع کرنے کا ایک مقصد ہے۔

بتایا جائے حکومتی مطالبات میں سے کونسا غیر آئینی یا پس سے باہر ہے؟ طارق فضل

مذاکرات میں پی ٹی آئی وفد کے پاس مینڈیٹ نہیں تھا، وفاقی وزیر کی گفتگو

اسلام آباد (بی ایین ایم) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چودھری نے کہا کہ بتایا جائے کہ حکومتی مطالبات میں سے کونسا غیر آئینی یا پس سے باہر ہے؟ ایسے ایک بیان میں طارق فضل نے کہا کہ پہلا مطالبہ کالعدم پی ٹی پی آئی (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کی اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی سے ملاقات

ملک وصوبے میں سیاسی استحکام اور عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، دونوں رہنماؤں کا اتفاق

کوئٹہ (بی ایین) رکن قومی اسمبلی وصوبائی جنرل سیکرٹری پاکستان سطم لیگ (ن) جمال شاہ کاکڑ اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کے درمیان طویل ملاقات ہوئی، جس میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، صوبے کے معاملات اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی مشاورت اور تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے موجودہ ملکی (باقی صفحہ 3 نمبر 10)



آئی جی پولیس بلوچستان محمد عارف تقدیر سیف اللہ دورے کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری کے بعد خطاب کر رہے ہیں

صدر اور وزیراعظم کا قوم کی تعمیر میں اساتذہ کے کردار کو خراج تحسین

اساتذہ ظلم وجبر کے ساتھ ساتھ علم، تحمل اور تنقیدی انتظامیہ کو پروان چڑھانے اور ان کی کردار سازی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، بیان

کراچی (بی ایے) صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے قوم کی تعمیر، کردار سازی اور سماج میں معیار تعلیم کو بہتر بنانے میں اساتذہ کے اہم کردار کو خراج تحسین پیش کیا (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

صوبالیہ میں یرغمال بنائے گئے باقی 12 پاکستانی بھی بحفاظت بازیاب ہوگئے، نائب وزیراعظم

چین اتحادیوں ایئر لائنز کی کراچی جانے والی پہلی مسافر پرواز نے پاکستان روانہ ہوں گے، 7 اکتوبر کو ہوا سے متوقع ہے

اسلام آباد (اے این این) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے خوش خبری سنائی ہے کہ صوبالیہ میں یرغمال بنائے گئے چھ مزید پاکستانی بھی بحفاظت بازیاب کروالیا گیا ہے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ باقی چھ (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

گوادر میں عالمی یوم اساتذہ کی پروقار تقریب، مرحومہ مہرالنساء کو خراج عقیدت

گوادر کے 62 غیر فعال اسکول بحال، 509 اساتذہ کی میرٹ پر بھرتی مکمل

گوادر (ن) محکمہ تعلیم اور تنظیم انتظامیہ گوادر کے زیر اہتمام اور یونیسف کے تعاون سے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول گوادر میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس سال کی تقریب کو گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول پسنی کی سابق استانی مرحومہ (باقی صفحہ 3 نمبر 44)

خیبر پختونخوا کی صوبحتوال: وزیراعظم کا صدر زرداری سے جلد دوبارہ ملاقات کا فیصلہ

صوبے میں جاری سیاسی کشیدگی اور لانگ مارچ کے اثرات پر بھی غور کیا جائے گا

اسلام آباد (پی ایم نیوز) پی ٹی آئی کے لانگ مارچ اور خیبر پختونخوا کی صورتحال پر وزیراعظم شہباز شریف نے صدر آصف زرداری سے جلد دوبارہ ملاقات کا فیصلہ کیا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں خیبر پختونخوا کی سیاسی، آئینی اور سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا اور وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے لانگ مارچ پر مؤقف اور صوبائی معاملات پر مشاورت ہوئی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

صدر نے تاحال صوبے میں امن وامان کی صورتحال سے متعلق رپورٹ نہیں مانگی، گورنر کے پی

صدر نے جمعے ہی رپورٹ مانگی تو تیار کر کے سفارشات سمیت بھیج دوں گا، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (بی ایین ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صدر آصف زرداری نے تاحال صوبے میں امن وامان کی صورتحال سے متعلق رپورٹ نہیں مانگی۔ انٹرویو میں گورنر کے پی نے کہا کہ صدر نے جمعے ہی رپورٹ مانگی تو تیار کر کے سفارشات سمیت بھیج دوں گا، بصوبے میں امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے وفاقی حکومت سے تعاون نہیں کر رہی۔



مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، صوبائی اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر وصوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی و دیگر رہنما مسلم لیگ (ن) کے صوبائی سیکرٹریٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

حکومت اور اپوزیشن کی رسہ کشی ملک کے مفاد میں نہیں، سید امان شاہ

سیاسی کشیدگی سے ملکی معیشت اور جمہوری نظام متاثر ہو رہا ہے، معاملات افہام وتفہیم سے حل کیے جائیں

کوئٹہ (بی ایین ایے) عوام کا پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے حکومت اور اپوزیشن کی رسہ کشی پر کہا ہے کہ پاکستان اس وقت سیاسی، معاشی اور امن وامان سمیت متعدد سنگین مسائل سے دوچار ہے، ایسے حالات میں سیاسی قوتوں کا باہمی کشمکش میں الجھنا ملکی مفاد میں نہیں ہے۔ انہوں (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

عوامی معلومات کے تحفظ کو بڑا خطرہ، قومی اداروں کے نام پر جعلی ویب سائٹس کا انکشاف

سرکاری اداروں کے نام پر قائم جعلی ویب سائٹس کے ذریعے حساس معلومات چرانے کی کوشش

اسلام آباد (ایین ایین) ہم سرکاری اداروں کے نام پر قائم جعلی ویب سائٹس کے ذریعے شہریوں کی حساس معلومات چرانے کی کوشش کو ناکام بنا رہے ہیں، یہ ایجنسی سرٹ کی جانب سے قومی اداروں کے نام پر جعلی ویب سائٹس کے ذریعے شہریوں کی حساس معلومات چرانے کی کوشش کی گئی ہے۔ ایجنسی سرٹ کی جانب سے (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

عالمی یوم اساتذہ پر اساتذہ کی قوم کی تعمیر وترقی میں خدمات ناقابل فراموش ہیں، عبدالستار لاکھو

تعلیمی معیار کی بہتری اور اساتذہ کے مسائل کے حل کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات جاری ہیں، وفاقی ای ایجوکیشن

کوئٹہ (بی ایین ایے) عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیدہ عبدالستار لاکھو نے زندگی کے ہر شعبے میں اساتذہ کے ناقابل فراموش کردار کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ اساتذہ کرام کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اساتذہ کی بھی معاشرے کی ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہوتے ہیں۔ ایک اچھا ذہنی صحت، طبعی اور علم کے ذریعے نسل کی کردار سازی کرتا ہے اور انہیں معاشرے کا ذمہ دار اور مفید شہری بنانے میں اہم (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

نصیر آباد، گرین بیلٹ کی تباہ حالی اور مبینہ بدعنوانی کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ

سرکاری وسائل کے ضیاع اور غفلت برتنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، زمیندار

نصیر آباد (بی ایین) زمینداروں نے مطالبہ کیا ہے کہ گرین بیلٹ کی موجودہ تباہ حالی اور مبینہ تقسیم کار گروں کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور اگر الاٹمنٹ نصیر آباد کے خلاف الزامات ثابت ہوں تو قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ زمینداروں کا کہنا ہے کہ اپنی کرشش محکمہ دیہی سے آنے کے درست آبے اور انہوں معاملات کی شفاف تحقیقات کر کے (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

بلوچستان میں 15 اکتوبر سے سرکاری دفاتر کے نئے اوقات کار جاری

پانچ روزہ دفتری ہفتے میں پیر تا جمعرات صبح سازے 8 سے شام 4 بجے تک دفاتر کھلے رہیں گے

کوئٹہ (ن) محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن (ایس اینڈ جی اے ڈی)، حکومت بلوچستان کی جانب سے تمام انتظامی محکموں اور ان کے ماتحت دفاتر کی کموی معلومات (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

یو این سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس آج پاکستان پہنچیں گے

انتونیو گوتریس ٹیکنیکل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا دورہ کریں گے، اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں کریں گے

اسلام آباد (بی ایین ایم) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس آج دورے پر آج (منگل کو) پاکستان پہنچیں گے۔ اپنے دورہ پاکستان کے دوران اقوام متحدہ سیکریٹری (باقی صفحہ 3 نمبر 2)



سوبالیہ میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈیرہ اسمٰعیل خان ریجنل پولیس آفیسر ڈیرہ اسمٰعیل خان اور کمانڈنٹ فرنٹیئر کانسٹیبلری ساؤتھ وزیرستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد مراچے آفس میں سائل کے مسائل سن رہے ہیں

حاجی نور محمد دمڑ کا یوم اساتذہ پر پیغام، اساتذہ کو خراج تحسین

بلوچستان کی ترقی کیلئے تعلیمی نظام مضبوط اور اساتذہ کے مسائل حل کرنا ضروری ہے

کوئٹہ (ن) سوبالیہ وزیر کوئٹہ کی ٹیکنیکل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ اور فنانس وپنجر میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے اساتذہ کے خصوصی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اساتذہ کسی بھی معاشرے کی تقدیر، اخلاق اور تعلیمی تربیت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ اساتذہ عظیم شخصیت ہے جو نئی نسل کو علم کی روشنی سے منور کرتے ہے ساتھ ساتھ ان کی کردار سازی میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں اور بہتر مستقبل (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

لوگوں کے ذہنوں کو تبدیل اور معاشرے کو مختلف طبقات میں تقسیم کیا جارہا ہے، وفاقی وزیر ترقی ومنصوبہ بندی

ہم نے گالیاں نکالنے کی بجائے عوام الناس کو تعلیم کی سہولیات فراہم کر کے لوگوں کی زندگیوں میں تبدیلی بھر پا کی ہے، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (بی ایین) وفاقی وزیر برائے پلاننگ ڈیولپمنٹ اینڈ اسپیشل انیشی ایٹو احسن اقبال نے کہا ہے کہ آج دنیا میں طاقت اور ترقی کا راز سیکیس ٹیکنالوجی کی بنیاد پر ہے، دنیا کا سب سے بڑا پھندا فیک نیوز ہے، جس سے لوگوں کے ذہنوں کو تبدیل کیا جارہا ہے اور معاشرے کو مختلف طبقات میں تقسیم کیا جارہا ہے۔ نارووال (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے پلاننگ ڈیولپمنٹ اینڈ اسپیشل انیشی ایٹو احسن اقبال نے نارووال پبلک سکول میں قائم گرد و برد رک لیب اور اسپیس ایجوکیشن 2026 کا افتتاح کرنے کے موقع پر احسن اقبال نے ریورک لیب میں منعقد کردہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال کا کہنا تھا کہ نارووال پبلک سکول کے طلبا کی رہنمائی کی ذمہ داری (باقی صفحہ 3 نمبر 7)



کوئٹہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوبالیہ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی ڈی جی پی ڈی ایم ایم جیانیر میجر محمد رؤف بلوچ محکمہ لوکل گورنمنٹ کی جانب سے فراہم کردہ جدید مشینری کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی، مسافر کوچ سے دو کروڑ روپے مالیت کا غیر ملکی اسمگل شدہ سامان برآمد

کوئٹہ سے اندرون سندھ جانے والی کوچ سے غیر ملکی سگریٹ، پان پراگ، چھالیہ اور گٹکا شامل تھا، مقدمہ درج

ڈیرہ مراد جمالی (یو این ایے) ڈیرہ مراد جمالی ایس ایچ او محمد عارف جمالی کے مطابق برآمد ہونے والے سامان میں غیر ملکی سگریٹ، پان، پاری، چھالیہ اور دیگر ممنوعہ اشیا شامل ہیں، جن کی مالیت دو کروڑ روپے ریکارڈ کی گئی ہے۔ سبی تھانے کے (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا، محکمہ موسمیات کی رپورٹ جاری

تربت میں درجہ حرارت 42، سبی میں 38 جبکہ کوئٹہ میں 30 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا

کوئٹہ (یو این ایے) محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا۔ موسمیے کے مختلف شہروں میں ریکارڈ کیے گئے درجہ حرارت کے مطابق کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30، قلات میں 26، زیارت میں 24 اور ژوب میں 33 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح سبی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38 (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

بانی پی ٹی آئی عمران خان 74 برس کے ہوگئے

پارٹی کی جانب سے ملک بھر میں پُرہجوم اندازمیں سالگرہ منائی گئی، کیک کاٹے گئے

اسلام آباد (بی ایین ایم) بانی پی ٹی آئی، سابق وزیراعظم عمران خان 74 برس کے ہوگئے، پی ٹی آئی کی جانب سے ملک بھر میں بھرپور انداز میں سالگرہ منائی گئی، کیک کاٹے گئے۔ بانی پی ٹی آئی خان کی سالگرہ پر چوہدری (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

پسماندہ علاقوں میں اساتذہ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، میر گہرام سیال

معیاری تعلیم کو فروغ اور اساتذہ کو بہتر ماحول کی فراہمی کا تزیہ ہے، عالمی یوم اساتذہ پر سیاسی رہنما کا پیغام

گندواہ (یو این ایے) معروف سیاسی وسماجی شخصیت میر گہرام خان سیال نے کہا ہے کہ استاد معاشرے کا وہ معمار ہے جو قوم کے ساتھ ساتھ نسل در نسل کردار اور مستقبل کی بنیاد مضبوط کرتا ہے، جبکہ استاد کی محنت کے اثرات صرف کلاس روم تک محدود نہیں رہتے بلکہ نسلوں تک منتقل ہوتے ہیں۔ انہوں نے یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے جاری کردہ پیغام میں کہا کہ بلوچستان (باقی صفحہ 3 نمبر 22)



شہریوں کے جان ومال کا تحفظ پولیس کی ذمہ داری ہے، آئی جی پولیس بلوچستان

آئی جی بلوچستان کا ڈھیبہ اللہ و دیگر ڈی آئی جیز کو بریفنگ، یادگار شہداء پر حاضری اور تھانہ سٹی کا معائنہ

کوئٹہ (یو این ایے) آئی جی پولیس بلوچستان محمد عارف تقدیر سیف اللہ نے کہا ہے کہ شہریوں کے جان ومال کے تحفظ اور انہیں پُرامن و جرائم سے پاک ماحول کی فراہمی کے لیے پولیس افسران اور اہلکار اپنے فرائض پوری ذمہ داری سے سرانجام دیں۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

ضلعی قلات میں طلبہ وطالبات کے لیے پی ای ای ایف اسکالرشپ آگاہی سیشن کا شیڈول جاری

قلات (ن) ڈپٹی کمشنر ضلع بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی ہدایت پر بلوچستان ایجوکیشن اینڈ مینجمنٹ فنڈ (BEEF) کی جانب سے ضلع قلات میں اسکالرشپ آگاہی سیشن انعقاد کے شیڈول کا اعلان کر دیا گیا ہے ضلع قلات میں کل 6 اکتوبر 2026 کو پیپر 00:12 بجے کنڈس (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

ہیلتھ اداروں کے تین ماہ سے بند نان سیکری فنڈز بحال کیے جائیں، آل بلوچستان لیکل کونسل فورم

ژوب (یو این ایے) آل بلوچستان لیکل کونسل فورم نے کہا ہے کہ بلوچستان کے بلدیاتی ادارے گزشتہ تین ماہ سے نان سیکری بجٹ سے محروم ہیں، جس سے باعث ملازمین شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں اور نوبت فاقہ کشی تک پہنچ گئی ہے۔ فورم نے مطالبہ کیا کہ بلدیاتی اداروں کے گزشتہ تین ماہ سے بند نان سیکری فنڈز فوری طور پر بحال کیے جائیں۔ بیان میں کہا گیا کہ وزیراعلیٰ (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

آج دنیا کا سب سے بڑا پھندا فیک نیوز ہے، احسن اقبال

خیبر پختونخوا حکومت غلط پالیسی کا حصہ نہیں بنے گی، شہیل آفریدی

آپ کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ملک تقسیم ہو رہا ہے، جس حکومت کا آپ حصہ ہیں وہ 5300 ارب روپے کی کرپشن کر چکی ہے

طاقتوروں کو ایبسلوٹلی ناٹ کہہ دیا، جنہیں مسلط کیا گیا ہے وہ پاکستان کو تقسیم اور ملک میں تعصب پیدا کرنا چاہتے ہیں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (پی ایم نیوز) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت غلط پالیسی کا حصہ نہیں بنے گی، طالبوں کو ایبسلوٹلی ناٹ کہہ دیا، ہم پر دہشت گردی مسلط کی گئی ہے سچے دشمنوں کے خلاف ہم ہر محاذ پر ڈٹے ہوئے ہیں، جبکہ سابر پیس کی نگرانی کے لیے تمام مبزبین میں سابر پیٹرولنگ پیس بھی حصال کر دیے گئے ہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 43)

اے این ایف کا منشیات سمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن، 11 ملزمان گرفتار

کراچی (بی ایین ایم) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے مختلف اداروں کے اشتراک اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات سمگلنگ کے خلاف کارروائیوں کے دوران 7 کارروائیوں کے دوران 11 ملزمان کو گرفتار کر لیا اور مجموعی طور پر 34.317 کلوگرام منشیات برآمد کی (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

ریاست مخالف پروپیگنڈے کے خلاف ایس ای سی آئی اے کے خصوصی یونٹس قائم

لاہور (یو این ایے) چیئرمین سائبر کرائم اتھارٹی سیکشن ایجنسی (ایس ای سی آئی اے) نے ریاست مخالف پروپیگنڈے اور جعلی خبروں کی روک تھام کے لیے خصوصی یونٹس قائم کر دیے ہیں، جبکہ سائبر پیس کی نگرانی کے لیے تمام مبزبین میں سائبر پیٹرولنگ یونٹس بھی حصال کر دیے گئے ہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 43)

نواب شاہ، میز فرنکارکوار آئل ٹینکر کی ٹکر سے خواتین اور بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق

نواب شاہ (بی ایین ایم) نواب شاہ میں ٹریفک حادثے میں 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق ٹریفک حادثہ نواب شاہ کے قریب قومی شاہراہ پر پیش آیا جہاں تیز رفتار آئل ٹینکر نے کار کو ریسکیو حکام کا کہنا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

منشیات ڈیلر اخموں پنکی کے گرد گھیرا ایک بار پھر تنگ، فرد جرم عائد

کراچی (بی ایین ایم) منشیات ڈیلر اخموں عرف پنکی کے گرد گھیرا ایک بار پھر تنگ ہو رہا ہے، جبکہ عدالت نے ملزمہ پر فرد جرم عائد کر دی۔ سیشن عدالت نے اخموں عرف پنکی کے خلاف مقدمات میں فرد جرم عائد کر دی (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

سوات، شمالی اور شمال مغربی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.9 ریکارڈ

سوات (بی ایین ایم) ملک کے شمالی اور شمال مغربی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ سوات، بونیر، چترال، آزاد کشمیر اور دیگر علاقوں میں زلزلے کی شدت 4.9 ریکارڈ کی گئی، امریکی جیولوجیکل سروے کے مطابق زلزلے کا مرکز پاکستان، افغانستان اور تاجکستان کا سرحدی علاقہ تھا۔ فوری طور پر کسی جانی ومالی نقصان کی (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

153 یوٹی آئی پاکستان کی بنگلہ دیشی امیدوار کی ایگزیکٹو کمیٹی کے لیے حمایت

لاہور، جنیوا، نیویارک (اے این این) پاکستان کے تین ایگزیکٹو کمیٹی کے لیے حمایت کی ہے۔ یہ فیصلہ ساتھ ہوئے عالمی پارلیمانی یونین (IPU) کی 153 ویں اسمبلی کے موقع پر ایتھوپیا کے جنیوا میں منعقد ہونے والے اجلاس میں بنگلہ دیش کی امیدوار محترمہ عادیہ چودھری کی آئی پی یو ایگزیکٹو کمیٹی کی رکنیت کے لیے مکمل حمایت کا اعلان (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

شیرانی، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول خان عالم میں عالمی یوم اساتذہ پر پروقار تقریب

اساتذہ نئی نسل کی کردار سازی اور روشن مستقبل کا معمار ہے، ڈپٹی کمشنر شہام اللہ کاڑیا اور دیگر مقررین کا خطاب

شیرانی (یو این ایے) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شیرانی کے جانب سے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول خان عالم میں عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ایک پروقار تقریب میں منعقد کی گئی۔ تقریب کا اہتمام ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شیرانی کے زیر اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر شیرانی شہام اللہ کاڑیا نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں تعلیم کے افسران سیف الرحمٰن، کریم خرمنی، ڈی ایجوکیشنل مالیہ کاڑیا، ڈی ڈی ایجوکیشنل فوزیہ بی بی نے (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

پی ٹی آئی لانگ مارچ میں مکانہ کے باکوں کے خلاف پشاور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

پشاور (بی ایین ایم) خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کے لانگ مارچ میں مکانہ کے باکوں کے خلاف درخواست پشاور ہائی کورٹ میں دائر کر دی گئی۔ درخواست ایم این اے شاہنانہ گلزار، شیریار آفریدی اور آصف خان کی جانب سے دائر کی گئی۔ تعیوں ارکین قومی اسمبلی اور ان کی 7 بیٹیوں کی نامزدگی کی گئی۔ تعیوں ارکین قومی اسمبلی اور اراکین صوبائی اسمبلی کے خلاف درخواست دائر کی گئی۔

7 اکتوبر کے حملے ہماری ناکامی تھے، سبتی سیکسا ہوگا، سربراہ اسرائیلی فوج

حل ابیب (بی ایین ایم) اسرائیلی فوج کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل ایال زامیر نے 7 اکتوبر 2023 کے حملے کو اپنی فوج کی ناکامی قرار دیا اور کہا ہے کہ فوج کو ان ناکامیوں سے سبق سیکھنا ہوگا۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق ایک (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

امریکا اسرائیل میں مزید فوج اور طیارے تعینات کر رہا ہے، اسرائیلی میڈیا رپورٹ

واشنگٹن (بی ایین ایم) امریکا مشرق وسطیٰ میں مکانہ کشیدگی میں اضافے کے پیش نظر اسرائیل میں مزید فوج اور طیارے تعینات کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق اس وقت اسرائیل میں تقریباً 3 ہزار (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

امریکا میں تعین کیلئے جاسوسی کے الزام میں خاتون گرفتار

واشنگٹن (بی ایین ایم) امریکا میں ایف بی آئی نے کیلیفورنیا کی ایک 34 سالہ خاتون وان ینگ ٹزاگ جو سیور کے نام سے بھی جانی جاتی ہیں، کو بیجن کے لیے مبینہ جاسوسی کے الزام میں گرفتار کر لیا ہے۔ جعلی میڈیا کے مطابق ٹزاگ کو اس ایجنسی انٹیلی جنس میمرز کو ٹھہرنے کے سلسلے (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

جے یو آئی کا 15 اکتوبر کو ملتان میں حکومت مخالف جلسے کا اعلان

لاہور (سی ایم نیوز) جے یو آئی نے 15 اکتوبر کو ملتان میں حکومت مخالف جلسے کا اعلان کر دیا اور کہا ہے کہ یہ جلسہ جنوبی پنجاب کی سیاسی سمت کا تعین کرے گا اور مولانا فضل الرحمان احتجاجی تحریک کے اگلے مرحلے کا اعلان (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

153 یوٹی آئی پاکستان کی بنگلہ دیشی امیدوار کی ایگزیکٹو کمیٹی کے لیے حمایت

لاہور، جنیوا، نیویارک (اے این این) پاکستان کے تین ایگزیکٹو کمیٹی کے لیے حمایت کی ہے۔ یہ فیصلہ ساتھ ہوئے عالمی پارلیمانی یونین (IPU) کی 153 ویں اسمبلی کے موقع پر ایتھوپیا کے جنیوا میں منعقد ہونے والے اجلاس میں بنگلہ دیش کی امیدوار محترمہ عادیہ چودھری کی آئی پی یو ایگزیکٹو کمیٹی کی رکنیت کے لیے مکمل حمایت کا اعلان (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

پی ٹی آئی لانگ مارچ میں مکانہ کے باکوں کے خلاف پشاور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

پشاور (بی ایین ایم) خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کے لانگ مارچ میں مکانہ کے باکوں کے خلاف درخواست پشاور ہائی کورٹ میں دائر کر دی گئی۔ درخواست ایم این اے شاہنانہ گلزار، شیریار آفریدی اور آصف خان کی جانب سے دائر کی گئی۔ تعیوں ارکین قومی اسمبلی اور ان کی 7 بیٹیوں کی نامزدگی کی گئی۔ تعیوں ارکین قومی اسمبلی اور اراکین صوبائی اسمبلی کے خلاف درخواست دائر کی گئی۔

7 اکتوبر کے حملے ہماری ناکامی تھے، سبتی سیکسا ہوگا، سربراہ اسرائیلی فوج

حل ابیب (بی ایین ایم) اسرائیلی فوج کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل ایال زامیر نے 7 اکتوبر 2023 کے حملے کو اپنی فوج کی ناکامی قرار دیا اور کہا ہے کہ فوج کو ان ناکامیوں سے سبق سیکسا ہوگا۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق ایک (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

امریکا اسرائیل میں مزید فوج اور طیارے تعینات کر رہا ہے، اسرائیلی میڈیا رپورٹ

واشنگٹن (بی ایین ایم) امریکا مشرق وسطیٰ میں مکانہ کشیدگی میں اضافے کے پیش نظر اسرائیل میں مزید فوج اور طیارے تعینات کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق اس وقت اسرائیل میں تقریباً 3 ہزار (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

امریکا میں تعین کیلئے جاسوسی کے الزام میں خاتون گرفتار

واشنگٹن (بی ایین ایم) امریکا میں ایف بی آئی نے کیلیفورنیا کی ایک 34 سالہ خاتون وان ینگ ٹزاگ جو سیور کے نام سے بھی جانی جاتی ہیں، کو بیجن کے لیے مبینہ جاسوسی کے الزام میں گرفتار کر لیا ہے۔ جعلی میڈیا کے مطابق ٹزاگ کو اس ایجنسی انٹیلی جنس میمرز کو ٹھہرنے کے سلسلے (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

جے یو آئی کا 15 اکتوبر کو ملتان میں حکومت مخالف جلسے کا اعلان

لاہور (سی ایم نیوز) جے یو آئی نے 15 اکتوبر کو ملتان میں حکومت مخالف جلسے کا اعلان کر دیا اور کہا ہے کہ یہ جلسہ جنوبی پنجاب کی سیاسی سمت کا تعین کرے گا اور مولانا فضل الرحمان احتجاجی تحریک کے اگلے مرحلے کا اعلان (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

لاہور بائیکوٹ نجی میڈیکل کالج کو پراپرٹی ٹیکس سے استثنیٰ دینے کی درخواستیں مسترد

پراپرٹی ٹیکس کی ادائیگی میں ناجائز حربے استعمال کرنے پر درخواست گزار پر 10 لاکھ روپے جرمانہ عائد

لاہور (بی ایین ایم) لاہور بائیکوٹ نے آباد میڈیکل کالج اینڈ ہسپتال کی جانب سے پراپرٹی ٹیکس کی وصولی کے خلاف دائر دو درخواستیں مسترد کرتے ہوئے درخواست گزار پر 10 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کر دیا ہے۔ جسٹس خالد اسحاق نے فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ درخواست گزار پر 10 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کرتے ہوئے ڈرادیا کہ غیر جسٹریلیزی بنیادوں پر قانونی ٹیکس سے بچنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ جسٹس خالد اسحاق نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ درخواست گزار نے ٹیکس کی ادائیگی میں ناجائز حربے استعمال کیے، درخواست گزار پر 10 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا جاتا ہے۔ عدالت نے جو جنوبی لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 کے تحت زمری واجبات کے طور پر وصول کیا جائے گا۔ عدالت نے آباد میڈیکل کالج (باقی صفحہ 3 نمبر 30)



کوئٹہ گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر میں بلوچستان یوتھ ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت چار روزہ تربیتی سیشن کے دوران طالبات کو لیپ ٹاپ فراہم کیے جا رہے ہیں